مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین ! یہ آپ کے منصب کے خلاف بات کر رہے ہیں ۔آپ کو مشورے دے رہے ہیں ۔

جناب وسیم سجاد : ایسی موشن کو ایجنڈے پر لانا میں سمجھتا ہوں مناسب نہیں ہے ۔

جناب چیئرمین : خیر یہ میرا کام ہے کہ کس کو ایجنڈے پر لانا ہے یا نہیں لانا۔

جناب وسیم سجاد : پھر جناب جب موقع آئے گا تو ان کو وقت دے دیجئے۔

Mr. Chairman : Let us continue with the previous discussion.

مولانا سمیع الحق : میں نے آپ سے عرض کیا تھا کہ میری تحریک التوا اسی موضوع پر ہے تو آپ نے فرمایا تھا کہ اس پر آپ تقریر کر لیں گے اسی تحریک استحقاق کے ضمن میں اور مجھ سے آپ نے فرمایا تھا کہ ان تینوں کے بعد آپ اظہار خیال فرمائیں ۔

جناب چیئرمین : تو آپ اسی تحریک استحقاق پر شروع ہو جائیں جو زیر بحث ہے ۔

مولانا سمیع الحق : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین صاحب ۔ عبوری حکومت یعنی وفاقی کابینہ اور قومی اسمبلی توڑنے کے متعلق تحریک استحقاق پر ہمارے تینوں فاضل ارکان نہایت سیر حاصل بحث کر چکے ہیں اور ہمیں بھی آج مجھے کی ایک حالت در پیش ہے اور حالات کی ستم ظریفی ہے کہ آج ایک معزول مسلم لیگی گورنمنٹ اور قومی اسمبلی

[Maulana Samiul Haq]

کا مقدمہ ہمیں لڑنا پڑ رہا ہے ۔ اللہ کو یہ منظور تھا کہ یہ نیکی بھی ہمارے مقدر میں آئے گی ۔ جب قومی اسمبلی توڑی گئی تو پورے ملک میں اپنے اپنے انداز میں تاثرات کا اظہار شروع ہوا ۔ کچھ لوگ حزب اختلاف میں تھے، کچھ لوگ حزب اقتدار میں تھے ۔ اور پھر ان میں کچھ لوگ صدر ضیاء الحق کے حامی تھے اور کچھ جونیجو گورنمنٹ کے ساتھ تھے اور اس کے حامی تھے ۔ ہم اس وقت عجیب مخمصے میں تھے ۔ ہم صدر ضیاء الحق صاحب کے اس اقدام کو تحسین بھی نہیں پیش کر سکتے تھے کہ بہرحال یہ ایک آمرانہ اقدام تھا اور جو جمہوری ادارے انہوں نے خود بڑی مشکل سے قائم کرائے تھے، اس کو توڑنے پر کوئی تحسین نہیں کر سکتا تھا اور دوسری طرف ہم اس قومی اسمبلی کی وفات پر بھی آنسو نہیں بہا سکتے تھے اور اس کے ٹوٹنے کا ماتم بھی نہیں کر سکتے تھے جس نے تین سال مسلسل ہماری گزارشات اور اپیلوں پر منت وسماجت پر کوئی کان نہ دھرا ۔ جس نے اصل مقاصد کو پہلے ہی دن یکسر نظر انداز کر دیا ۔ ہم نے بار بار اس اسمبلی کی توجہ دلائی کہ خدارا جس مقصد کے لیئے آپ کا انتخاب ہوا ہے اور جس پس منظر میں یہ اسمبلیاں بنی ہیں اس کو اولین اہمیت دیں ۔ لیکن آپ کے سامنے ہے کہ اس قومی اسمبلی اور گورنمنٹ نے ہماری اس مخلصانہ اور سیاست سے بالا جدوجہد جو مخالفت برائے مخالفت نہیں تھی ۔ ہم ان کو اپنے مقاصد اور ملک کے نظام حیات کو نظریاتی حدود کی طرف بار بار متوجہ کر رہے تھے لیکن ان کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی اور جو دیگر مقاصد بھی قومی اسمبلی کے سامنے ایک سیاسی حکومت کے سامنے ہوتے ہیں ۔ ملک و ملت کی فلاح اور عدل وانصاف کی فراہمی، امن و امان کی بحالی اور سب سے بڑھ کر اسلام کی بالادستی اور اس کا عملاً نفاذ، اس کو یکسر نظر انداز کر دیا گیا ۔ ایسے حالات میں اس قومی اسمبلی کے ماتم میں اگر ہم بھی شریک ہو جاتے تو یہ کم از کم ہمارے ضمیر کے خلاف تھا ۔ دوسری طرف سیاستدانوں کے ردعمل

کی عجیب صورت حال سامنے آئی۔ جو سیاست دان جمہوریت کا رونا روتے تھے انہوں نے اسمبلی ٹوٹتے ہی کہا کہ قوم کی فتح ہو گئی۔ عوام کی منتخب اسمبلی کے بارے میں ان کا تاثر بھی بڑا عجیب تھا۔ ایک متضاد کردار قومی رہنماؤں کا اس مسئلے میں سامنے آیا ہے۔ انہوں نے جمہوری اداروں کے ٹوٹنے کو عوام کی فتح قرار دیا اور جو لوگ مسلسل اس گورنمنٹ اور حکومت کی مخالفت کرتے تھے اور ہمارا جائز طریقے سے یہاں اسمبلی میں بیٹھنا بھی برداشت نہیں کرتے تھے اور ہمیں حکومت کی بی ٹیم سمجھتے تھے۔ حالانکہ ہم ابتدائی دن سے ہی حزب احتساب کا کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ نہ اختلاف برائے اختلاف کیا اور نہ اقتدار کی ہم نوائی کی۔ لیکن انہوں نے اس جرم میں ہمیں کہ یہ اسمبلیوں میں کیوں گئے۔ فوراً ہی ٹکٹیں کاٹیں اور لائنیں لگانا شروع کر دیا کہ تین مہینے کی گورنمنٹ میں بھی اگر ہمیں موقع مل سکتا ہے تو ہم اس میں جانے کے لئے تیار ہیں۔ میں نام نہیں لیتا ہوں بڑے بڑے لیڈروں نے کہا کہ ہم اس نگران حکومت میں شامل ہو سکتے ہیں۔ ایک بڑے لیڈر نے کہا کہ ہم ضیاءالحق کے ساتھ بات چیت کیوں نہیں کر سکتے، راجیو گاندھی کے ساتھ کر سکتے ہیں تو اس کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں، یہی بات تو ہم ہمیشہ کہا کرتے تھے اور ایک بہت بڑے مذہبی سیاسی رہنما نے تو بڑی عجیب بات کہی ہے۔ اس نے کہا کہ یہ اسمبلی توڑنا عوام کی توہین ہے۔ یہ بات ٹھیک تھی لیکن وہ شخص مسلسل تین سال تک اس اسمبلی کی توہین کرتا رہا اور وہ کہتا رہا کہ میں اس اسمبلی کو نہیں مانتا ہوں یہ متنازعہ اسمبلی ہے، یہ غیر منتخب اسمبلی ہے، یہ مارشل لاء کا تسلسل ہے لیکن اس نے کہا ہے کہ یہ عوام کی توہین ہے، ہم نے کہا کہ اگر یہ توہین ضیاءالحق نے کی ہے تو تم لوگ تو تین سال سے مسلسل کر رہے ہو، ایک ورطۂ حیرت میں ہم پڑ گئے، اصل حقائق قوم

[Maulana Samiul Haq]

کے سامنے آنے چاہئیں اور اس کی ذمہ داری سب سے زیادہ اس معزول گورنمنٹ کے سر پر تھی اور اس کے معزول وزیر اعظم کی ذمہ داری تھی کہ وہ بھی اپنا صحیح عندیہ اور حقائق قوم کے سامنے رکھتے۔

یہ حقیقت میں قومی اسمبلی اور سربراہ مملکت کی لڑائی نہیں تھی میرے خیال میں یہ دو افراد کی لڑائی تھی اور ان دو افراد کی لڑائی میں ایک قومی اور جمہوری ادارہ توڑا گیا اور جو فریق اس کی زد میں آیا تھا اور جو متاثر ہوا تھا وہ جناب وزیر اعظم یعنی معزول وزیر اعظم صاحب تھے ان کا سب سے پہلے فریضہ تھا کہ وہ قوم کے سامنے پورے حقائق رکھ دیتا لیکن یہاں سارا مسئلہ یہ ہے کہ قوم کے سامنے حقیقت نہیں رکھی جاتی اور مفادات اور ترغیب و تحریص اور خوف اور لالچ ان باتوں کی نذر مسائل ہو جاتے ہیں تو جناب وزیر اعظم نے آج تک مسلسل کہا کہ میں حقائق سے پردہ اٹھاؤں گا۔ اب یہ ان کا فریضہ تھا کہ وہ پردہ اٹھاتے، وہ ڈرتے کس بات سے تھے، قوم کے مفاد میں جو بھی بات ہوتی ہم بھی سمجھ جاتے وہ بھی سمجھ جاتے، ایک فریق نے ساری بات قوم کے سامنے رکھ دی ہے، اس نے کہا یہ corrupt تھے، اس نے کہا یہ امن و امان قائم نہیں کر سکتے تھے اس نے کہا یہ حکومت ناکام ہو چکی تھی، اس نے کہا یہ حکومت اسلام کے بارے میں اپنے مقصد کو نظر انداز کر گئی تھی تو دوسرے فریق کو بھی اور قومی اسمبلی کے ارکان کو بھی اور زعما کو بھی اس پر اپنا اظہار خیال کرنا چاہیئے تھا لیکن وہ تو اس کو ابھی تک معاہدۂ تاشقند بنائے ہوئے ہیں اور تاشقند کے تھیلے سے وہ بلی پتہ نہیں کب باہر آئے گی، ہم تو منتظر ہیں کہ جناب وزیر اعظم حقائق سامنے رکھدیں کہ کیا صورت ہے، ان حقائق کو سامنے نہ رکھنے کی وجہ سے قوم میں بڑی بے چینی پھیلی ہوئی ہے ۔

مختلف افواہیں ہیں اس کے پس منظر میں اوجڑی کیمپ کی بات ہو رہی ہے، اس کے پس منظر میں جرنیلوں کے معزول کرنے کی بات ہو رہی ہے، اس کے پس منظر میں قوم کے ہتھیاروں اور اسلحہ کو کسی بیرونی ملک کے پاس فروخت کر دینے کی بات ہو رہا ہے اور یہ باتیں فوج اور سول کے درمیان ایک بہت بڑی خلیج کا اور بہت بڑے خطرات اور بہت بڑی نفرت کا باعث ہو سکتی ہیں۔

میں سب سے پہلے تو معزول گورنمنٹ سے جو اس وقت بولنے سے معذور ہے، مطالبہ کروں گا کہ خدارا اس وقت آپ حقائق سامنے رکھیں تاکہ ہمارے سینیٹ کے معزز ارکان اور قوم کے سامنے حقائق آجائیں تو بہرحال یہ مسئلہ بڑا گمبھیر ہے اور اسی لئے میں نے اسے تحریک التوا کی شکل میں پیش کیا ہے، استحقاق تو بہرحال مجروح ہوا ہی ہے یہ قومی اور ملی نوعیت کا ایک فوری معاملہ ہے اور اس پر سینیٹ کو بحث کرنی چاہیئے، میں سمجھتا ہوں کہ ۲۹ مئی کو غیر معمولی حالات نہیں تھے جیسے جناب پروفیسر صاحب نے اور دیگر معزز ارکان نے اس پر روشنی ڈالی ہے، امن و امان کا مسئلہ بھی جوں کا توں ہے اور میں ۳ جون کو کراچی گیا تھا، تین دن تک مسلسل گویا ڈاکو بینکوں کو لوٹتے رہے۔ کسی نے کہا کہ ڈاکوؤں کا hat-trick ہو گیا ہے، اخبار کا پورا آدھا صفحہ بینکوں کی ڈکیتیوں سے بھرا ہوا تھا، امن و امان کی حالت تو یہ ہو گئی تھی۔ ایک بینک کے بہت بڑے افسر ہمارے دوست تھے۔ ان سے فون پر بات ہوئی تو میں نے ان کو کہا کہ یہ شریعت آرڈیننس پر ڈاکو عمل کر رہے ہیں کیونکہ شریعت آرڈیننس کے باوجود سودی نظام قائم رکھا گیا ہے، اب وہ

[Maulana Samiul Haq]

کہتے ہیں کہ ہم لوٹ کھسوٹ کر کے اور ڈاکو بن کر اس سودی نظام کو ختم کر رہے ہیں، میں نے کہا یہ تو قابل تحسین ہے ، پھر اس کے بعد یہ کہا گیا کہ وہ بہرحال corrupt تھے اور انہوں نے لوٹ کھسوٹ کی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ ایسی خبریں تمام ارکان پارلیمنٹ کے لیے شرم کا باعث ہیں، اس میں کسی کے ماتھے کے اوپر یہ نہیں لکھا ہوتا کہ یہ فرشتہ ہے اور یہ شیطان ہے ، اب کل خبر آئی ہے کہ ایک ممبر پارلیمنٹ نے ۵ کروڑ روپے کا زرعی قرضہ جعلی ناموں سے اپنے نام الاٹ کروایا ، اب ممبر کے ذکر کے ساتھ اگر اس کا نام آجاتا تو ہر ایک کا کردار تو مجروح نہ ہوتا، اب ہر ایک کے کردار کے بارے میں شک پڑ جاتا ہے کہ ۵ کروڑ روپے کا زرعی قرضہ کس نے لیا ، یہ ساری کی ساری چیزیں سراسر مبہم انداز میں کہہ دی گئی ہیں اور سب کو ایک لپیٹ میں لے لیا۔

میرے بارے میں اتفاقاً کسی جگہ ذکر ہوا کہ یہ سینیٹ کے ممبر ہیں تو وہ لوگ قہقہے لگا کر ہنس پڑے ، ملاحظہ فرمائیں کہ ایک عظیم منصب جو قوم کی نمائندگی کا ہے، امریکہ اور دوسری کئی جگہوں پر وہ حکومتیں چلاتے ہیں ، آج اس کا نام سن کر لوگ ہنستے ہیں کہ یہ ایم پی اے تھا، یہ ممبر پارلیمنٹ تھا، یہ سینیٹر تھا، اس حد تک ہمارا کردار مجروح کیا گیا پھر ہم مان لیتے ہیں صدر صاحب کے اخلاص کو اور ان چیزوں کو اگر انہوں نے دوسرے دن کوئی اور ٹیم سامنے لائی ہوتی ، سب میرے معزز دوست ہیں، میں ان کے کردار پر کوئی حملہ نہیں کرتا لیکن جنہوں نے ان کے کردار پر حملہ کیا ہے انہوں نے ہی دوسرے ہی دن انہیں پھر کابینہ میں عظیم مناصب حوالے کر دیئے ، انہوں نے کہا یہ گاڑی غلط سمت پر جا رہی تھی لیکن

ڈرائیور پھر وہی بنا دیئے گئے ، پہلے بھی ایسے نہیں تھے ، میں سمجھتا ہوں اب بھی ، لیکن یہ تضاد قوم کے سامنے آیا ہے ، مجھے اخبار والوں نے کہا کہ کابینہ میں تو وہی افراد لے لئے گئے ہیں ، آپ کا کیا تاثر ہے ، میں نے کہا کہ یہ معجزہ تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا کہ ان کا شق صدر ہوا تھا اور ان کے سینے کو نور سے بھر دیا گیا تھا تو راتوں رات صدر صاحب کو بھی اللہ تعالیٰ نے شاید یہ قدرت دی ہو گی کہ معزز ارکان کابینہ کے سینے انہوں نے چیر دیئے اور ان کا سینہ نور سے بھر دیا ، صبح وہ بالکل امن اور شریعت کے علمبردار بن گئے ، میں نے کہا کہ یہ معجزہ تو کہیں اور نہیں دیکھا تھا ، صدر صاحب کے ذریعے یہ معجزہ نمودار ہوا ۔ بہرحال یہ صحیح تھا کہ ان پر الزام نہیں لگانا چاہیئے تھا ، اگر الزام لگا دیا گیا تو پھر ان کو ثابت کرنا چاہیئے تھا اور جب تک ثبوت نہ ہوتا تو ان کو پھر سکرین پر قوم کے سامنے نہیں لانا چاہیئے تھا ۔ اس اقدام سے قوم کی نظروں میں صدر صاحب کا یہ اقدام بہرحال مشکوک اور غیر یقینی ٹھہر گیا ہے ۔

یہاں دوسرا سب سے بڑا مسئلہ جو سامنے آیا ، صدر صاحب نے کہا کہ قومی اسمبلی اسلام کے بارے میں سست تھی ، غفلت کر رہی تھی ، یہ جواز بھی اسکا تب ہوتا کہ صدر صاحب اپنے عملی اقدامات سے اور خود عملی کردار سے اس معاملے میں واقعی ہمیں اطمینان دلا دیتے کہ واقعی یہ قومی اسمبلی اس لیے توڑنے کے قابل تھی کہ اس نے اسلام کو پس پشت ڈال دیا تھا تو اس پس منظر میں ریفرنڈم بھی کالعدم ہو گیا تھا ۔ جب ریفرنڈم کے بعد اسلام اور صدر لازم و ملزوم تھے اور اسلام کے لئے صدر صاحب نے کچھ نہ کیا ، وہ آرڈیننس جاری کر سکتے تھے اور جب مارشل لاء

[Maulana Samiul Haq]

نہیں اٹھایا گیا تھا تو ہم نے صدر صاحب سے بار بار کہا تھا کہ اب بھی کچھ دن ہیں، آپ خدارا اگر چاہتے ہیں تو آرڈیننس کے ذریعے کچھ چیزیں جو حقیقت میں انقلاب لانے والی ہوں قوم کے سامنے رکھیں لیکن انہوں نے کچھ نہیں کیا۔ انہوں نے کئی آرڈیننس جاری کئے اور قومی اسمبلی اور سینیٹ سے ان کی توثیق کرائی تو اس وقت بھی وہ اسلام کے بارے میں آرڈیننس نافذ کر سکتے تھے یا کم از کم جب اسمبلی توڑنے کا مرحلہ آیا تھا تو توڑنے کی بجائے ارکان اسمبلی کو بلا کر کہہ سکتے تھے کہ تلوار میرے ہاتھ میں ہے، ایک ہفتے کے اندر اندر یہ یہ قوانین، یہ مسودات، یہ آرڈیننس نافذ کر دو ورنہ میں تمہیں ختم کر دوں گا اور یہ تلوار بھی بدقسمتی سے ہمارے دوستوں نے خود دی۔ ہم نے آٹھویں ترمیمی بل کے موقع پر تمام مسلم لیگی ارکان پارلیمنٹ اور جناب وزیراعظم صاحب کی منت سماجت کی۔ ہم نے سینیٹ میں یہ ترامیم آٹھویں ترمیمی بل میں تجویز کیں اور ہم نے کہا کہ ہم یہ ترامیم آٹھویں ترمیمی بل میں شامل کرائیں گے تب اسے سینیٹ سے منظور کرائیں گے اور اس میں یہی تھا کہ صدر کو یہ حق نہیں دینا چاہیئے کیونکہ جس وقت وہ چاہے بالکل قادر مطلق بن کر اور مطلق العنان بن کر اسمبلی کو توڑے لیکن جناب وزیراعظم سے ہمارے گھنٹوں مذاکرات ہوئے، میٹنگیں ہوئیں، جناب وزیراعظم نے ہمیں کہا کہ میں آپ کو اس کے بدلے نواں آئینی ترمیمی بل دے دوں گا اور قرآن و سنت کی بالادستی تسلیم کر لوں گا لیکن خدارا آپ اس معاملے میں روڑے نہ اٹکائیں۔ ہم نے قرآن و سنت کی بالادستی کی قیمت پر ان کی یہ بات بھی مان لی، انہوں نے کہا تھا کہ لوگ ہمیں طعنے دیں گے کہ یہ مارشل لاء کو طول دینے میں شریک ہو گئے تھے، میں نے کہا ہم اس کے فریق نہیں ہوں گے اگر مارشل لاء کو طول دیا جاتا ہے تو فوج فریق بنے گی لیکن آپ خدارا جلدی

نہ کریں، آٹھویں ترمیمی بل کو اس طرح پاس نہ کروائیں لیکن شاید ان لوگوں کو لیلائے اقتدار سے جلد ہمکنار ہونے کی جلدی تھی، انہوں نے یہ نہیں سوچا کہ صیاد کے ہاتھ میں تلوار دینے کا نتیجہ کیا نکلتا ہے، آج وہی صورتحال ہمارے سامنے آئی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ صدر صاحب نے اس وقت بھی قومی اسمبلی کے ہوتے ہوئے بھی اپنے اختیارات صحیح استعمال نہیں کیے نہ انہوں نے ترغیب اور ترحیب سے کام لیا اور نیم دلانہ انداز میں آکر اسمبلی میں اشارات کرتے تھے حالانکہ وہ سب کچھ کر سکتے تھے، اور اگر نہیں کیا قومی اسمبلی نے تو قوم پھر منتظر تھی کہ صدر صاحب فوری طور پر کوئی عظیم انقلابی اقدام اب کریں گے لیکن اس کے جواب میں جو اقدام کیا گیا میں اپنی تحریک استحقاق کے دوران اس پر تفصیل سے روشنی ڈالونگا کہ وہ بالکل سراسر ایک سراب ہے اس میں شریعت کی طرف گویا ایک انچ بھی پیش رفت نہیں ہے اور اس میں شریعت کے راستوں کو روکنے کی کوشش کی گئی ہے۔ شریعت بل کے ذریعے ہم عملی انقلاب لانا چاہتے تھے، ہم عدلیہ کو قرآن وسنت کا پابند بنانا چاہتے ہیں۔ اس آرڈیننس میں کون سی ہے کہ عدلیہ قرآن وسنت کی پابند ہوگی۔ کوئی ایک شخص قسمت کا مارا ہوا اگر چاہیے گا کہ عدالت میں جائے اور رٹ کرے تو اس کے پاس ہزاروں لاکھوں روپے کہاں ہوں گے کہ کسی مقدمے میں وکیل کرے، پھر اس عدالت میں پیشیاں ہونگی، پھر اس عدالت کی سوچ پر ہے کہ وہ اس اپیل کو اہمیت دے، تب اس کیس کو لے اگر اہمیت نہ دے تو وہیں کیس ختم اور اگر اہمیت دے بھی دے ہائیکورٹ یہ نہیں کر سکتی کہ ماتحت عدالت میں فیصلے کو رکوا دے۔ فیصلہ وہی مروجہ قوانین کے مطابق ہوگا۔ اب جب فیصلہ مروجہ قوانین کے مطابق رٹ داخل کرنے والے کے خلاف ہوگیا پھر وہ ہائیکورٹ میں جائے

[Maulana Samiul Haq]

گا اور سالہا سال وہ کیس لڑتا رہے گا۔ اس کے بعد بھی قانون تبدیل نہیں ہوگا، دوسری اسمبلی آئے گی تو قانون تبدیل ہوگا۔ کوئی ایک قانون بھی اس آرڈیننس کی رو سے شرعی نہیں بن سکتا۔ "نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی" اس کے لیئے تو صدیاں درکار ہیں۔ یہی مؤقف جناب وزیر قانون صاحب اور جناب اقبال احمد خان صاحب ان سارے حضرات نے ہمارے ساتھ مذاکرات میں مسلسل پیش کیا تھا اس گورنمنٹ کے دوران کہ شریعت بل میں یہ دفعہ اس طرح رہے گی اس مؤقف کو ہم نے کلاً مسترد کر دیا تھا۔ ہم نے کہا کہ اس سے شریعت کی طرف کوئی پیش رفت نہیں ہو سکتی، نہ عدالت اسلامی قوانین کی پابند ہو سکتی ہے لیکن اسی مؤقف کو جو جونیجو صاحب نہیں منوا سکے ہم سے اس کو صدر ضیاء الحق نے ایک آرڈیننس کے ذریعے سے پورا کر دیا جس سے کوئی تبدیلی گویا میدان میں نہ آسکی۔

عوام چاہتے ہیں کہ ہمیں عدل و انصاف ملے، ہمیں امن و امان ملے اور ظلم کا مداوا ہو سکے اور وہ سامراجی نظام ہے جو انگریزوں نے ہم پر مسلط کیا رکھا ہے۔ ہم قومی اسمبلیوں کی شکل میں آتے ہیں۔ مارشل لاء کی شکل میں آتے ہیں۔ عبوری گورنمنٹ کی شکل میں آتے ہیں اس میں ایک خاص تبدیلی کے لیئے روا دار نہیں ہوتے۔ قومی اسمبلی کا فریضہ تھا کہ آتے ہی ان سامراجی، ظالمانہ و جاگیردارانہ قوانین کو تبدیل کر دیتی لیکن قومی اسمبلیوں کو اپنے مفادات سے دلچسپی ہو جاتی ہے اور یہاں پھر جمہوریت کی گاڑی نہیں چلتی۔ جرنیلوں کے ساتھ ساتھ میں سمجھتا ہوں سارے سیاستدان اور جمہوریت کے نام سے جو اس میں شریک ہوتے ہیں سب مجرم ہیں، سب جمہوریت کے قاتل ہیں اگر انہوں نے پہلے دن سے عوام کی دکھتی رگ پر ہاتھ رکھا

ہوتا، عوام کی مصیبتوں کا احساس کیا ہوتا اور اس نظام کو تبدیل کرنے کی پیش بندی کی ہوتی تو بار بار یہ مرحلے نہ آتے بہر حال ہم سمجھتے ہیں کہ صدر صاحب نے اشک شوئی کے لیئے ایک ایسی چیز رکھدی اس میں شریعت بل کی ایک دفعہ بھی مؤثر انداز میں شامل نہیں کی گئی اور پھر ستم ظریفی یہ ہے کہ ایک ملک کے سربراہ نے۔۔۔۔

Mr. Wasim Sajjad: Sir, the honourable Member may be asked to confine himself to admissibility of the privilege motion.

Mr. Chairman: I think, you are right.

شریعت بل پر ابھی بحث نہیں ہو رہی، سوال یہاں پر تین تحاریک کا ہے اور آپ یہ ثابت کرنے کی کوشش کریں کہ ایوان کا استحقاق کیسے مجروح ہوا ہے، اس کی طرف آپ آئیں۔

مولانا سمیع الحق: میں سمجھتا ہوں کہ اس اقدام سے ملک بھر میں ایک غیر یقینی کیفیت پیدا ہوئی۔ بے چینی پیدا ہوئی اور حقائق اب تک پردے میں ہیں شبہات پھیل رہے ہیں۔ فوج اور سول کے درمیان بھی ایک خلیج پیدا ہو رہی ہے اور اس پارلیمنٹ کو بالکل ایک ادھورا اور ناقص ادارہ بنا دیا گیا ہے۔ یہ لولا لنگڑا ہو گیا ہے اگر یہ اپنی اصلی حالت میں ہوتا تو آپ اتنے اتنے چھوٹے چھوٹے مسئلے میں تین دن سے بحث کر رہے ہیں کہ بحران پیدا ہو گیا ہے، اس کا مطلب ہے کہ استحقاق مجروح ہوا ہے، قائد ایوان کے بارے میں ہمارے سامنے راستہ صاف نہیں ہے اور کئی مسائل کے بارے میں آپ نے کئی رولنگز میں کہا کہ یہ غیر معمولی حالات ہیں، اسمیں ہمیں قوانین سے بھی پوری رہنمائی نہیں مل سکتی، ضوابط سے بھی نہیں مل سکتی

[Maulana Samiul Haq]

ہے، یہ ساری چیزیں ایسی ہیں کہ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے اور اس مسئلے کو استحقاق کمیٹی کے حوالے کرنا چاہیئے۔

جناب چیئرمین: شکریہ! Anyone else جناب لالیکا صاحب۔

جناب عالم علی لالیکا: جناب چیئرمین! میں بے حد مشکور ہوں کہ آپ نے مجھ جیسے سیاسی طفلِ مکتب کو اظہار خیال کرنے کے لیئے وقت سے نوازا ہے۔ پچھلے دو تین روز سے اور آج بالخصوص ایک تحریک اس ایوان میں زیر بحث ہے جو صدر پاکستان کے ۲۹ مئی کے فرمان سے متعلق ہے جس کے ذریعے سے انہوں نے قومی و صوبائی اسمبلیوں کو معزول کیا ہے جس پر فاضل ممبران ایوان بالا کی طرف سے بصیرت افروز تقاریر ہوئیں ہیں اور بحث جاری ہے۔

بدیں سلسلہ ناطقہ سر بہ گریباں انگشت حیرت بہ دنداں

میں حیران ہوں کہ جو لوگ معزول ہوئے ہیں۔ ملک کے وزیر اعظم، ممبران قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے وزراء ان لوگوں نے تو اس صورت کو آئینی تسلیم کر لیا ہے وہ لوگ تو کہتے ہیں کہ صدر پاکستان کا یہ اقدام قانون اور آئین کے عین مطابق ہے۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ہمیں کیا مصیبت پڑی ہے۔ ہمارا ہاؤس ایک independent ہاؤس ہے، میں اس کے قانونی جواز میں جانا نہیں چاہوں گا کیونکہ قانون پر مجھے دسترس حاصل نہیں ہے۔ میری علمیت اور قابلیت سیاسی میدان میں بھی بہت کم ہے لیکن اس چیز نے مجھے بہت پریشان کیا ہوا ہے کہ وزرائے اعلیٰ، وزیر اعظم بزبان خود اقرار کر چکے ہیں کہ صدر صاحب کا یہ اقدام آئین کے عین مطابق ہے، پھر اس میں ہمیں اتنی

پریشانی، اتنا اضطراب ظاہر کرنا کہ ہمارا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ مجھے یہ استحقاق بنتا نظر آتا نہیں ہے۔ صدر پاکستان نے یہ اقدام کیوں کیا۔ corruption بدکاری، بدعنوانی، میں ماننے کو تیار ہوں، کہ ہمہ وقت اس ملک میں موجود رہی ہے اور مارشل لاء کے دور میں بھی جب قوانین بڑے سخت ہوا کرتے تھے۔ تب بھی رشوت، بدکاری، یہ چیزیں چلتی رہی ہیں اس کا مداوا ہو نہیں سکا، یہ ساری چیزیں ہماری قوم کے معاشرے کے رگ و ریشہ میں سرایت کر چکی ہیں لیکن میں اس تفصیل میں جانا نہیں چاہتا۔ وزیر اعظم صاحب کو ایم، این، اے کی غلط کاریوں کو لوازنے کی کیوں ضرورت پڑی۔ وزراء اعلیٰ کو، صوبائی اسمبلی کے ممبران کو، لوریاں دینے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی اور اس شرارت کی ابتداء کہاں سے ہوئی اور کس نے کی۔ کیوں وزیر اعظم صاحب کو یہ ضرورت محسوس ہوئی کہ قومی اسمبلی کے ممبروں کی غلطیوں کی پردہ پوشی کریں۔ کیوں صوبائی اسمبلی کے وزیر اعلیٰ کو یہ ضرورت محسوس ہوئی کہ وہ اپنے ممبران کو اپنی گود میں بٹھا کر لوریاں دیں، اس کی ابتداء کہاں سے ہوئی، انجام کہاں ہوا۔ اس تفصیل میں جانا نہیں چاہوں گا۔ بہر کیف میں اتنا ضرور عرض کروں گا کہ صدر مملکت نے یہ فیصلہ آئین کے عین مطابق کیا ہے اور اس کے بعد انہوں نے انتخاب کا وعدہ فرما دیا ہے اور وہ انتخاب کروائیں گے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ انتخابات کی تاریخ کا اعلان بہت جلد فرمائیں گے۔ اب یہ ملک اسلام کے نام پر معرض وجود میں آیا تھا۔ اسلام ہی کے نام پر لوگوں نے جانی و مالی قربانیاں دی تھیں، ہجرت کی تھی، نقل مکانی کی تھی اور اسی مسلک پر، اسی چیز پر عمل پیرا نہ ہونے کی وجہ سے یہ ملک دولخت ہو گیا۔ اب صدر مملکت نے شریعت آرڈیننس نافذ کر دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ

[Mr. Alam Ali Laleka]

وقت ضائع کرنے کی بجائے ہمیں اصل مسئلے کی طرف آنا چاہیئے۔ صدر مملکت بارہا یقین دہانی کروا چکے ہیں کہ وہ عقل کل نہیں ہیں، انہوں نے اسلام کی جانب ایک مثبت پیش رفت کی ہے۔ یہ ہاؤس کروڑوں روپے کی لاگت سے چلتا ہے، اس پر ملک کا زرکثیر خرچ ہوتا ہے، بجائے اس کے کہ ہم فروعات اور ایسی غلط چیزوں پر بحث کرتے رہیں جس طرح قومی اسمبلی نے ساڑھے تین سال تک غیر ضروری مباحث پر وقت ضائع کیا۔ نواں ترمیمی بل سینیٹ نے پاس کر کے قومی اسمبلی کو بھجوایا لیکن وہاں وہ معلق پڑا رہا، وجہ اس کی یہ تھی کہ ہم ممبران قومی اسمبلی غیر ضروری مباحث میں پڑے رہے اور ضروری امور پر اظہار خیال نہ کر سکے۔ آئیے آج وقت ہے ہم نفاذ شریعت کے متعلق شریعت آرڈیننس پر بحث کریں اور ان فروعی مسئلوں کو نہ چھیڑیں، اس سے ایک تو ضیاع مایہ اور دوم شماتت ہمسایہ ہے، اس سے کیا حاصل ہوگا۔ وزراء کرام سولہ یا سترہ سابقہ حکومت میں شامل تھے اگر وہ اس کو تضحیک نہیں سمجھتے، اگر انہوں نے اس کو اپنے لیئے برا نہیں سمجھا ہے، اگر انہوں نے اس کو دشنام نہیں سمجھا ہے تو ہمیں جن کو انہوں نے برا بھلا نہیں کہا ہے، ہم کیسے حق بجانب ہیں، ہم کیسے یہ کہتے ہیں کہ ہمارا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ یہ لوگ ہم سب سے زیادہ معزز ہیں، سب سے زیادہ غیور ہیں۔ ہم جتنے ہی یہ سمجھ اور ادراک کے مالک ہیں۔ یہ ٹھیک ہے جنرل صاحب......

جناب جاوید جبار: جناب والا! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: جی فرمایئے۔

Mr. Javed Jabbar : Mr. Chairman, I do not think the honourable Member has a right to give the Ministers a status or a level higher than other Members of the House.

"یہ سب سے زیادہ معزز" کے الفاظ، بڑے احترام سے کہتا ہوں کہ یہ مناسب نہیں ہیں۔ محض وزیر ہونے کی بنا پر کوئی شخص زیادہ معزز نہیں ہو سکتا۔

جناب عالم علی لالیکا: میں معذرت چاہوں گا۔ میرے عرض کرنے کا مدعا یہ تھا کہ "مجھ سے زیادہ" میں سب سے زیادہ معزز کے الفاظ واپس لیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: صحیح ہے، آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔

جناب عالم علی لالیکا: میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ سب سے زیادہ معزز ہیں، باشعور ہیں، مجھ سے زیادہ حساس ہیں۔ اگر یہ لوگ......

سید عباس شاہ: جناب والا! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: پیر عباس شاہ صاحب۔

Syed Abbas Shah : The Minister is now standing as Member of the Senate. So, he cannot say this. "صحہ مجھ سے زیادہ"

He is not saying this as Laleka. He is saying this as a Member of this House and the Members are all of equal status, Sir.

Mr. Chairman : I think, we are being for some reason too sensitive today. Why don't you allow the poor man to continue with whatever he wants to say. He is referring only to himself that everybody else is superior to him in intellect.

Syed Abbas Shah : He may refer to himself as such outside the Assembly, not inside the Assembly.

جناب عالم علی لالیکا: ممبر ہونے کی حیثیت سے یہ انفرادیت مجھ سے چھن نہیں جائے گی۔

جناب چیئرمین: آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔

جناب عالم علی لالیکا: اب عین وقت ہے کہ ہم شریعت آرڈیننس میں ترمیم و تنسیخ کی تجاویز پیش کریں، اس پر ہم بحث کریں، مولانا سمیع الحق کے نقطۂ نظر کو سامنے رکھیں...

جناب چیئرمین : وہاں پر جب بات آئے گی تو شریعت آرڈیننس پر بات الگ ہوگی۔ اب آپ صرف اس کی ایڈمیسبلٹی پر بات کریں۔

جناب عالم علی لالیکا : میں تو جناب یہی عرض کرنا چاہ رہا ہوں کہ استحقاق مجروح نہیں ہوا ہے۔ یہ ایوان ، یہ ہاؤس ایک independent ایوان ہے۔ صوبائی اسمبلی نے ہمیں منتخب کر کے یہاں بھیجا ہے۔ اگر صوبائی اسمبلی معرض وجود میں ہوتی تو ہمیں یہ کچھ فائدہ نہیں دے سکتی تھی، اگر وہ اس وقت نہیں ہے تو اس سے ہمیں کچھ نقصان نہیں ہوا ہے۔ ہم اس ایوان میں صدر کے کردار پر بحث کر رہے ہیں۔ صدر پاکستان نے۔۔۔

اخونزادہ بہرور سعید : پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین : اخونزادہ صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہیں۔

اخونزادہ بہرور سعید : میں مقرر صاحب سے یہ درخواست کروں گا کہ وہ اپنی تقریر اس topic تک محدود رکھیں کہ آیا یہ موشن admissible ہے یا نہیں۔ شریعت آرڈیننس پر اظہار خیال کرنے کے لئے ابھی کافی موقع ہے، اس میں الجھنے کی کوشش نہ کریں۔

جناب چیئرمین : اسی کی یاد دھانی میں نے کرائی ہے ، میرے خیال میں بہتر یہ ہے کہ آپ حضرات ذرا صبر و تحمل سے کام لیں ، یہ جو نکات اٹھا رہے ہیں ان کو نوٹ کر لیں، آپ سب کو موقع ملے گا ، اگر آپ اس کی تردید کرنا چاہتے ہیں تو تردید کریں اور اگر اس کی توثیق کرنا چاہتے ہیں تو اس کی توثیق کریں۔

جناب عالم علی لالیکا : جناب والا ! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان وجوہات کی بنا پر یہ موشن ایڈمیسبلٹی کے ضوابط پر پورا نہیں اترتی ہے۔ اس سے نہ ہی ہمارے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے نہ ہی ہمارا استحقاق

ان دونوں ایوانوں کے ساتھ وابستہ ہے۔ نہ ہی ان اداروں کے معزول ہونے سے ہم میں کوئی کمی آئی ہے۔ نہ ہی ہمارے اختیارات میں کوئی کمی آئی ہے، نہ ہی بنیادی حقوق معطل ہوئے ہیں، نہ ہی ہنگامی حالات نافذ ہوئے ہیں جس سے کہ ہماری کارکردگی، خود مختار کارکردگی متاثر ہوئی ہو، اس لیے میں اپنے فاضل ممبران کی خدمت میں بھی عرض کروں گا کہ ان فروعی معاملات میں الجھنے کی بجائے مثبت طور پر اسلام جس کے لیے یہ ملک قائم ہوا ہے اور جو آرڈیننس نافذ ہوا ہے، پر بحث کرنی چاہیئے۔ اور ہمیں صدر مملکت کو اپنی مثبت تجاویز سے آگاہ کرنا چاہیئے۔۔۔

DISCUSSION ON THE PRIVILEGE MOTION; RE : APP

Mr. Chairman : Thank you.

For the information of the House may I state that according to the agenda the discussion or today's sitting will have to end, to give time for discussion on the adjournment motion which we admitted yesterday and I propose that we end this discussion together with whatever else we want to take up and that would include adjournment motions also by 12-45 p.m. latest. Because that would give time for discussion on the adjournment motion of an hour and a half or possibly even two hours. That is on the adjournment motion that we had. Now earlier than that there is a call attention notice by Prof. Khurshid I think that would require 15—20 minutes. So, this means that another half an hour we have to spare for adjournment motions. So, working backward I think this discussion will have to end as far on the privilege motion today round about 12.00 and then we can continue, if necessary, on the following day.

Mr. Wasim Sajjad : Sir, I would just like to request you that I have received a request from Dr. Mahbubul Haq regarding this call attention notice by Prof. Khurshid Ahmed. He has requested that this may kindly be deferred.

Mr. Chairman : Right. We can postpone it then, if the honourable Member so agrees, to some other day but I only wanted to inform the House of the time constraint.

Prof. Khurshid Ahmed : We already have one postponement. This will be the second time now. But I have no objection.

Mr. Wasim Sajjad : You see today he has been held up because of some urgent work but he will definitely, I think, be here on the next sitting.

Mr. Chairman : Right. So, there is constraint of time. I don't want to place any restriction on the length of individual's speeches but please bear this in mind. Mr. Hasan A. Shaikh.

Mr. Hasan A. Shaikh : I am grateful Mr. Chairman, that you have said that you are not going to place any restriction on the time of the speeches. I will try to utilise as much time as available to me and finish it today. If it is not possible for me then I will seek your indulgence that I may be allowed to continue.

Now, Sir, these privilege motions are being considered under Rule 60 of the Rules of Procedure—

Rule—60. "A member may with the consent of the Chairman,"

and you have Sir, consented,

> "....raise a question involving a breach of privilege of either of a member or of the Senate................"

I don't need to read it further. My submission is that this involves a breach of privilege of a Member as well as of the Senate. The Senate has become ineffective. The Constitution does not envisage Pakistan to continue with only one House and Pakistan can not exist with only one House. It is a two chambers under the Constitution and these two chambers must function together. Unless one functions along with the other, it will become ineffective. What happened Sir, to the Shariah Bill that is before us. I am not going into the merits of Shariah Bill or otherwise. If we pass it, it is still not becoming the law. It will have to go before the National Assembly. Therefore, the question arises whether this is breach of privilege of the Senate as well as of Members; because then it is a breach of privilege of each Member of this House that he has become ineffective. Moreover, I do not agree with those who say that we should not bother about the Provincial Assemblies. We are a product of Provincial Assemblies and if there is any vacancy again it will have to be filled in by the Provincial Assembly. So, my submission is that this breach of privilege has been unfortunately carried out on the 29th of May without any justification. It was an arbitrary act which was not necessary at all. The Objectives Resolution which has been given a lot of importance by the people who were associated with the dissolution of the National Assembly, they were not perhaps advised that the Objectives Resolution begins with :—

> "Whereas sovereignty over the entire Universe belongs to Almighty Allah alone, and the authority to be exercised by the people of Pakistan"

not by the individual in Pakistan,

> "by the people of Pakistan within the limits prescribed by Him is a sacred trust;
>
> And whereas it is the will of the people of Pakistan to establish an order—
>
> Wherein the State shall exercise its powers and authority through the chosen representatives of the people;...."

So, to dismiss the chosen representatives of the people there must be a justification that will not be questioned by anybody. An individual? howsoever high he may be, under the Objectives Resolution cannot deal with the chosen representatives of the people without giving a valid justification for whatever he has done.

I submit, Sir, the Members of the National Assembly rightly or wrongly did stand in the way of the passage of the Ninth Constitutional Amendment Bill but they may have their own reasons. Then, the President has got power to send messages to the National Assembly. He should have sent a message to the National Assembly that I want the National Assembly to consider the Ninth Constitutional Amendment Bill. His Presidential Address is not the same thing as the Message to the National Assembly because the Constitution contains two elements—one is Presidential Address and the other is the Message. So, even if he has said in the Presidential Address that it is lying dormant in the National Assembly that is not the Message and that cannot be acted upon as a Message of the President. He has not sent a Message of the President. If the Prime Minister has committed any thing wrong he should have given a sort of notice or asked him as to why such and such thing has not been done.

Now, the biggest single allegation is that of corruption. As stated by one of the honourable Members yesterday that three Ministers of Interior who presided over the anti-corruption bodies of Pakistan, who dealt with anti-corruption in Pakistan are now Ministers in the present set up. Therefore, to say that corruption is the main cause is not correct and when did corruption not exist? In my speech, in reply to the President's Address, I had enumerated that with every single Martial Law the rate of corruption had increased. I had given instances how the rate of corruption increased in Pakistan with every single Martial Law. With the police the rate was much lower. When the Martial Law came and the officers connected with Martial Law had to be satisfied, the rate increased. Now, who is responsible for it ? Did the President think that the Prime Minister could have done some thing which he failed to do during the Martial Law which he controlled and if so, he should have told him ? The President has been presiding over the destinies of this country with full omnipotent, omniscient powers. There was nothing to stand in his way. He could do whatever he liked.

Then, he talked of plots that have been distributed. I have got no plot from the last Prime Minister. He has not allotted any plot to me and I say that there are many such people who have not got any plots from the Prime Minister but I dare say that if the Members of the National Assembly have got plots, more Generals, more Brigadiers, more Colonels and more Majors have got plots in this city of Islamabad. And who is responsible for it ? The Prime Minister did not give them plots. Who is complaining about plots ? It is those army officers who are complaining because they got their demands when they were here. Now, they have been transferred, new people have come, they want also plots and the plots are not available because they are not in plenty. I say, Sir, the Prime Minister has not taken any plot in this Islamabad as far as I know. I do not know but I think he has not got any plot but I know that some of the Chief Martial Law Administrators have got big plots in Islamabad. Did he complain about it ?

Well, if the Members demanded plots and he felt that they were justified and he felt that they had no plots therefore, they should get a plot, he might have given, he might have allotted but all the Members of the National Assembly have not got plots. It is wrong to say that all the Members have got plots. I know, Sir, even

[Mr. Hasan A. Shaikh]

previously there were Ministers in this country. Those Ministers got plots and they sold those plots. I cannot name them but the transaction was seen by me. They got plots and they sold them and they were rich enough to buy hundreds of such plots and they are still being thought of as likely Prime Ministers. Now, if these things happen in this country, it is not the fault of the *Ex*-Prime Minister. Of course, there may be people who want plots, who want to build houses and they are entitled to have more houses than one in Pakistan but I have not got a plot, Sir, anywhere, neither in Karachi nor here. I have not got a house of my own either in Karachi or here. I am still living in a rented house. But that is not the same thing with every one. People who have got funds, who have got finances, they may think of buying houses, they may think of buying plots and if they are justified and the Prime Minister allotted them what was wrong in it ?

I do say that there should be self-discipline on the Members of the National Assembly, but unfortunately that is lacking. How could there be self-discipline in Pakistan when a Minister who ceases to be a Minister yesterday becomes a Minister today. If the Ministers of yesterday were bad, they were given a bad name, they had to be thrown out yet they have been accepted as Ministers by the same authority: what do you want to say about the conduct of these people of this country ? Either the Authority should not have taken them as Ministers or they should not have accepted ministership but both have fallen into the abyss of ignominy that will live in the history of this country for ever.

One should realize , Sir, that one sparrow would not change the season. Prime Minister Mohammad Khan Junejo has not taken a plot. There is no allegation against the Prime Minister that he was corrupt. I do not know but there are people who say that somebody has taken Rs. 4 crores from the Agricultural Bank. This is what Maulana Sahib said to day. I do not know this at all. I have not taken any loan from any bank. No Bank has given me any loan. I try to live within my means but to every body I cannot dictate. Similarly that does not make the President of Pakistan an authority to dictate moral values to the people and use his powers, if any, to dismiss and dissolve popularly elected chosen representatives of this country, he is doing it in contravention of the Objectives Resolution which says :

> "Wherein the State shall exercise its powers and authority through the chosen representatives of the people; wherein the principles of democracy, freedom, equality, tolerance and social justice as enunciated by Islam shall be fully observed:"

Now, Sir, is its democracy that a democratic House should be disbanded or a democratic House should be dissolved ? It may well be, if he had the power. My submission to you is that he had no power absolutely to dissolve the National Assembly. The order dissolving the National Assembly is not a speaking order. He does not say how many Members of the National Assembly were liable to dissolution and if so, he should have sent a Message to the National Assembly through the Prime Minister. What is he ? The President acts on the advice of the Prime Minister and of the Cabinet. I am so sorry to say that a word being used now-a-days is the 'Caretaker Government' that is not the correct word. It is a 'Caretaker Cabinet', if any. And a Caretaker Cabinet means Prime Minister *plus* Ministers.

I will invite your attention to Article 48(5). I do not concede that President had the power in his discretion to dissolve the Assembly but even this reads like this :-

> "Where the President dissolves the National Assembly, he shall, in his discretion—

The first thing he will do; is :—

> (*a*) appoint a date, not later than ninety days from the date of the dissolution, for the holding of a general election to the Assembly.

He has not appointed that date and therefore, he was not competent to appoint a Care-taker Cabinet.

Here it (the Constitution) says, 'appoint a date'. To this day he has not appointed a date and what the *Ex*-Prime Minister is waiting for, is for him to appoint a date. Once he appoints a date then the *Ex*-Prime Minister would place before the nation his side of the case. That is what he has said. At least twice I have read it in the newspapers. Therefore, I don't think Maulana Sahib was right when he said that the Prime Minister did not say anything. He had said already to appoint a date for the election and within ninety days.

Article 224(2) makes it quite clear. If there is any ambiguity, I suppose there is no ambiguity, this is my plea that there is no ambiguity in 48(5), any how Article 224 makes it quite clear :

Article 224(2) :

> "When the National Assembly or a Provincial Assembly is dissolved, a general election to the Assembly shall be held within a period of ninety days after the dissolution,...."

That makes it quite clear that general election must be held within ninety days and this is a special provision and therefore it will prevail.

My submission is there is no option to the President as things stand today. He has to declare date of election. In fact he had to declare the date of election under Article 48(5)(a) before he appointed a Care-taker Cabinet. This Care-taker Cabinet is, therefore, unconstitutional, without authority. It can not function because the question of Care-taker arises only when there is something to care for. What is this Cabinet to care for—holding the election, then, appoint a date. Appoint a date and then take action for the purpose of holding election. Then the Constitution provides also:

> "When the National Assembly is dissolved the President may ask the Prime Minister to continue until the next incumbent in office is elected."

Now, this enabling power of the President is intended to resolve difficulties as have arisen today. The Constitution does not envisage continuance of a Cabinet in this country without a Prime Minister. He has not even cared to appoint Mr. Khattak as the Prime Minister of this country. If Mr. Khattak is a Senior Minister where is the provision for appointment of a Senior Minister? There is no provision for appointment of a Senior Minister. What we understand is a Prime Minister, a Minister, Minister of the State but no Senior Minister. This nomenclature has been designed only to hoodwink the poeple. Only to tell the people that I have somebody called 'Prime Minister'. The only thing is that he

[Mr. Hasan A. Shaikh]

sits in the Prime Minister seat, probably occupies Prime Minister's Chamber, probably occupies Prime Minister's House, I don't know. I have not met him, he is a very good friend of mine but I have not cared to ask him. I never mentioned it to him. But that does not make him a Prime Minister. That does not fulfil the demands of the Constitution, that does not fulfil the demands or the requirements of the Constitution. And what has happened to us Sir? We have been humiliated all over the world. The chosen representatives two hundred and odd were dismissed by one individual. Can Reagon do that ? Can Indian President do that ? Wherever there is a democracy there are certain unwritten laws and those laws have to be adhered to. They have to be respected. I don't know it may happen. We might be faced with Martial Law, not before very long that is also possible. Although Martial Law is not envisaged in this Constitution at all. We have tolerated Martial Law thrice before but this Constitution does not envisage a Martial Law. Where did these Lt. Generals fight the war? Against the people of Pakistan to become Lt. Generals, to be full Generals, to be Field Martials not against foreign countries. I don't know. It is rather unfortunate but a man like me feels very very sorry. We took part in the movement for Pakistan not for these purposes, not for making somebody the Lt. General or full General or the President of Pakistan, we did it for democracy and one of the fundamentals which Quaid-i-Azam placed before this country was that in this country there will be democracy. You see Sir, the objectives Resolution wherein the principles of democracy—freedom and equality, tolerance, social justice as enunciated by Islam shall be fully observed. Where is democracy? Is it a democracy that two hundred and odd Members of National Assembly should be dismissed by a single man.

Now, therefore, we the people of Pakistan faithful to the declaration made by the Founder of Pakistan—Quaid-i-Azam Muhammad Ali Jinnah, "Pakistan would be a democratic State based on Islamic principles of social justice". Now, are we true to this declaration of Quaid-i-Azam ? Was the President true to the declaration of Quaid-i-Azam that Pakistan will be governed as a democratic state ? Where is the democracy? And democracy cannot exist without our two Houses according to the Constitution of this country. And it goes further—"dedicated to the preservation of democracy achieved by unremitting struggle of the people against the oppression and tyranny. On the contrary, people are suffering from oppression and tyranny. We are not true to the preservation of democracy in this country and this is because we have loaned people with big ambitions. If they want to have a king in this country probably it is a different altogether. They will have to scratch this Constitution and put in a new Constitution. I don't know what they will do.

Now, the first thing we are to do is to go and place ourselves at the feet of a King of Saudi Arabia. That is what we do. That is unthinkable. The Quaid-i-Azam never suggested anything but democracy that can function in this country.

You know, Sir, Cabinet of the Quaid-i-Azam had given him unlimited powers to change any resolution or any decision taken by the Cabinet in his capacity as the Quaid-i-Azam. He did not exercise that power at all; he left it to the Cabinet to decide everything. The power is not meant to be exercised if it is against the people and this power that has been exercised is against the people. If there is any justification in exercise of this power in respect of the Members of the National Assembly then what is the justification for dissolving the Provincial Assemblies? Provincial Assemblies had done nothing. There is no allegation against the Provincial Assemblies. I suppose, they wanted to get rid of one of the Chief Ministers

who was not probably of their liking and that is why they dissolved all the Provincial Assemblies. I think, the two conceptions that we have to accept presently are that we are being governed by dictatorship supported by some people who until yesterday supported. Mr. Junejo and today they are supporting for their own selfish ends the new dictator and they will be prepared for us perhaps to announce him as a king. I may not accept it; Mr. Javed Jabbar may not accept it but they will probably be prepared to accept him as a king. But what we should really do is if Objectives Resolution is our objectives resolution then democracy must be maintained at all costs. We must preserve democracy; our endeavours should be to preserve democracy, that can only be done if chosen representatives of the people are allowed to continue as the democracy is always a rule of trial and error; not that error as we did will be acceptable to Maulana Samiul Haq. No, we know, we are human beings. We are not as learned as he is, to be making no mistake at all. He commits no mistake but I do. I accept that in giving my opinion in the House, in a democratic House, I may commit mistake.

(interruption)

Mr. Chairman : No interruption, please.

Mr. Hassan A. Shaikh : No, I don't mean to Maulana Samiul Haq, I am very sorry if he has taken it amiss in any manner whatsoever directly or indirectly.

Mr. Chairman · No, no. continue.

Mr. Hasan A. Shaikh : Sir, my submission is that democracy is a rule of trial and error. It is good but that is the way, if all the ten crores of people cannot come to give their verdict; they choose their representatives and those representatives give their decisions and after 5 years they will go back to their people and if their decisions are correct, people will return them the power otherwise they will not be returning to the power. So, that is the only way how decisions are taken in a democratic country. If the President thinks that 'no' they must join him; they must try to fathom his mind and do what he think is right is not proper. Because he has not sent the Messages; there was a democratic way and he could have sent Messages to do this and that and then he could have said that that had not been done. Including something in the Presidential Address is not the substitute for the Messages which are to be pinpointed. Among so many topics, Presidential Address had one topic about corruption, one about Islamization or about so many other things but he had to send a Message, a particular Message which he has not done. In fact, he has failed. If you permit me to say he has failed to do his duty under the Constitution, and he must be held responsible for all the ills of this country even to this date. He is responsible; we are not responsible because we did not fathom his mind. We are lucky that he has allowed us to continue, not because this provision in the Constitution would stand in his way if he had decided to disband the Senate. What is Constitution for him? He has once got rid of the Constitution 1973....

Mr. Chairman : I think, confine yourself to the action that he has taken.

جناب عالم علی لالیکا: میرے فاضل بزرگ نے وزراء کے نکالے جانے اور دوبارہ لینے کے متعلق فرمایا ہے اس سلسلے میں، میں عرض کرنا چاہونگا کہ سابقہ حکومت میں بھی وزراء کو نکالا گیا تھا اور دوبارہ لیا گیا تھا۔

جناب چیئرمین : لالیکا صاحب یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے، وزراء
صاحبان ماشاءاللہ موجود ہیں، بقید حیات ہیں، ان کو موقع ملے گا اور
وہ اپنا دفاع خود کر سکتے ہیں، شکریہ!

Mr. Hasan A. Shaikh : I told you earlier, Sir, that the President had enabling power and that power is in Article 94, which says :

> "The President may ask the Prime Minister to continue to hold office until his successor enters upon the office of Prime Minister".

As you know Sir, it is rule of interpretation that may also could be read as 'shall' and in this case, it is mandatory if the President felt that the National Assembly must go, the Prime Minister would continue and even in cases where there was a vote of no-confidence against the Prime Minister and that had succeeded even then he could have asked the Prime Minister to continue until the next Prime Minister comes to office. That may be not by fresh election but by sort of an election of a Leader in the Assembly. Therefore, this enabling power was the only power available to the President in this case. He has not used that power. He has failed to exercise that power which he should have exercised to avoid rebuke to the people of Pakistan in the world. In the world we have been looked upon as uncivilized people who do not know how to run a government. No, Sir, there are many occasions when the British Prime Minister was thought to be not possible to be elected at all and so many allegations were made against her. But when she came to power, everybody kept quiet, and to the extent to which our Government had gone it was quite clear that in 1990, if not earlier, there would have been fresh elections. I say in 1990, if not earlier, there is also possibility that the elections should have been held earlier. But the action taken by the President has struck at the roots of the democracy and has probably carried us back for another 10 years. I do not envisage an early election and the allegation was made by Maulana Samiul Haq that Prime Minister has not given his version of events or his version of his case to this day. He has made it quite clear I mean the *Ex*-Prime Minister. He has made it quite clear as soon as the President gives out the date of election he will tell the whole world as to what has happened, what has led to his dismissal. But President is avoiding to give a date. Why ? It was his duty to have given the date first and then appointed a Caretaker Cabinet. Now, the word 'Cabinet' envisages—Article 91 Sir :

> (1) "There shall be a Cabinet of Ministers, with the Prime Minister at its head, to aid and advise the President in the exercise of his functions.
>
> (2) The President shall in his discretion appoint from amongst the members of the National Assembly a Prime Minister...."

That has happened. He has already appointed and the Prime Minister has got the vote of confidence, in fact he has got vote of confidence twice from the National Assembly, not even once but twice. Now, my submission is that the word "Caretaker Cabinet" means Caretaker Cabinet with Prime Minister at its head and other Ministers. It cannot be without Prime Minister, a Cabinet without Prime Minister is no Cabinet at all and the word used in the Constitution is 'Cabinet'. The

word we are popularly using now-a-days or at least people who want to make things explicit want to use is 'present Government', not Government. It is 'Cabinet'. It is not Caretaker Government, it is a Caretaker Cabinet. This is the only thing envisaged in the Constitution if we are to live up to the Constitution.

Mr. Chairman : I think you can explain it further. As far as I recall Article 91 which is the normal Article applying to the formation of Government that makes a mention of Cabinet with the Prime Minister at its head. Under Article 58(2) it does talk of a Caretaker Cabinet and a Caretaker Cabinet has not been defined anywhere in the Constitution. So, probably this is one of the points which require elaboration.

Mr. Hasan A. Shaikh : My submission would be Sir, 'Caretaker Cabinet', that word has been used in 48(5). You see Sir, the word 'Cabinet' has been defined.

Mr. Chairman : The Cabinet qualified by the word 'Caretaker' which Mr. Tariq Chaudhry is calling 'undertaker'.

Mr. Hasan A. Shaikh : Sir, 'Cabinet', is defined. Now, the only question is that Caretaker Cabinet could be different from the Cabinet as defined in the Constitution.

Mr. Chairman : That is right.

Mr. Hasan A. Shaikh : There is no other interpretation given to the Cabinet in the Constitution. So, therefore, Article 91 will have to be pressed into service to decide as to what is a Caretaker Cabinet. It will be the same thing. Now, 'Caretaker' you see Sir, what does the Constitution envisage? There may be a time when Prime Minister loses confidence of the majority of the National Assembly then he is sacked and a Caretaker Cabinet is appointed. But there is no such thing that Caretaker Cabinet has to be. When the President dissolves a National Assembly he shall in his discretion first appoint a date, and he has failed in that. He has not exercised the power that he had in his discretion.

Mr. Chairman : You had made that point already, I think.

Mr. Hasan A. Shaikh : Yes. My submission is that so far as Caretaker Cabinet is concerned you cannot go beyond that interpretation of the word 'Cabinet'. The interpretation of 'Cabinet' as given by the Constitution has to be accepted. So, therefore, Article 91 has to be pressed into service in order to read what a Caretaker Cabinet is. There shall be a Cabinet of Ministers with Prime Minister at its head to aid and advise the President in the exercise of his functions. Now, the present Caretaker Cabinet has to be read along with Article 91. Otherwise in Article 91 the word should have been something else, not 'Cabinet'. If the word was something else and not the 'Cabinet' then what is being suggested is that Caretaker Cabinet is not something different from the Cabinet. That interpretation could have been possible, but I don't think Sir, that interpretation is possible. And the same words are used in the Provincial case also. There also the word 'Caretaker Cabinet' is there. Not only in the Central or Federal Government but even in the Provinces that word is there.

Sir, if Article 94 envisages continuity, that gives certain powers—

Article 94—"The President may ask the Prime Minister to continue to hold office until his successor enters upon the office of Prime Minister."

[Mr. Hasan A. Shaikh]

Therefore, if you read Article 94, Article 48(5), Article 91, then you will probably come to the conclusion or at least I will be able to advance this argument that this Constitution does not envisage a situation in which Pakistan can be without a Prime Minister. Even if the Prime Minister is dead, immediately a Prime Minister would have to be appointed. The king is dead. Long live the king. That is what they say in England. And I think here also the Prime Minister is a continuous process, Prime Minister must continue. And what a ridiculous thing for Pakistan.....

Mr. Chairman : I think, the point is made, it is no use stressing it further. I think it would save time.

Mr. Hasan A. Shaikh : No, I will only say this Sir, that the Prime Minister goes to China, enters upon some discussion, takes certain decisions, the Prime Minister goes to Manila, takes some decisions, comes to Pakistan and before he enters the Prime Minister's House, the order of dissolution is passed and he is dismissed. What would the whole world must have said about us ? This is Pakistan, an uncivilised country ? I feel ashamed to use that word because it means I am living in an uncivilised country but yes, I have been reduced to that position. I took part in the Pakistan Movement. I addressed the Muslim League Council in Bombay at Qaisarbagh on the question of direct action. I represented Bombay then, in 1945. Today, I find that in the Pakistan that I envisaged, the Quaid-i-Azam envisaged, the Mather-i-Millat envisaged, there every now and then the question arises as to whose sword is higher and how it can be used. This is unfortunate. We are not in a position to show our faces to the whole world. I went to United States Sir, to plead for restoration of Pakistan's aid and the Senators who met us, they told us, "we are very happy that from a democratic country Senators and the Members of the National Assembly have come to plead their case. Right or wrong we will decide but we did not want to discuss with your officers, with your Ambassador as to what we should do. We want to discuss with you." We were so candid, so frank, we told them. I said, "your assistance to Israel, your support to Israel right or wrong has created problems for us." They did not say anything against it. All they did was ultimately they restored the aid but that is because they believed in democracy, we believed in democracy and we spoke against them. We said so many things against the United States but they or some of them accepted that and then ultimately they told us that they wanted we people, *i.e.* the Parliament Members to come there to talk with them. Can you send parliamentary Members now ? With what face can we send parliamentary Members when we have dismissed majority of the Members ? Except the Senate, all the Members have been dismissed. So, at least for the purpose of prestige of this country, for the purpose of Quaid-i-Azam who envisaged the establishment of Pakistan as a democratic set up and whose name you have enshrined in your Objectives Resolution and his demand for democracy as enshrined in the Objectives Resolution, at least for that sake you should have respected democracy. Now, if you had to dismiss the National Assembly you should have sent a Message to the National Assembly and given them an opportunity. The smallest thing that you can do is to give an opportunity of being heard *i.e.* give them a Message, tell them that this is some thing that you have done and then you can think of some action. Whether you still have been justified or not, that is a different thing. But it is most arbitrary, most unjustifiable and in fact it is some thing which cannot even be accepted by the ordinary folks in this country as well as in the world where they understand

the name 'democracy'. I do not know if there are some people who will support this action but I am one of those who oppose this action whole-heartedly from the bottom of their heart.

Mr. Wasim Sajjad : Point of order, Sir. We should be very clear. The question is not supporting or opposing an action. The question is whether the privilege motion is admissible or not?

Mr. Chairman : Yes, the question is whether the three privilege motions are admissible or not?

Mr. Hasan A. Shaikh : My learned friend may not rush up. He has justified his presence there because you had once upon a time been sitting there in those (back) benches, then came here, then got stuck to it and are remaining there. So, I congratulate you that you have talent to continue whatever may be the season. You have talent to continue. I congratulate you.

جناب چیئرمین : تلک الایام نداولہا بین الناس

Maulana Samiul Haq would translate it for you. Any way, please try to finish.

مولانا سمیع الحق : یہاں عالم صرف انگریزی جاننے والوں کو سمجھتے ہیں۔

جناب وسیم سجاد : میں پھر درخواست کروں گا کہ وہ صرف ایڈمسیبلٹی پر بات کریں تاکہ میں اس کا جواب دے سکوں۔ ذاتی بات تو ہوتی رہتی ہے وہ گالیاں بھی دے سکتے ہیں، میں اس کا جواب نہیں دے سکتا۔ وہ ایڈمسیبلٹی پر بات کریں تاکہ میں جواب دے سکوں۔

Mr. Hasan A. Shaikh : I, Sir, most humbly apologise to my friend if he thinks I have done any thing like 'گالی' or suggested any thing like 'گالی' because I do not mean to insult him. He is a good friend of mine. He has been smiling at me every time he meets me. I do not want to say any thing against him.

Any way, Sir, the three motions that have been tabled before you are according to the Constitution, according to the Rules of Procedure and involve breach of privilege of Members as well as this House. This House has been rendered ineffective by an action which is unjustifiable, arbitrary and wholly wrong.

Thank you, Sir.

Mr. Chairman : Who else would like to take the floor.

Mr. Shad Muhammad Khan : Mr. Chairman, Sir.

Mr. Chairman : Yes please.

جناب شاد محمد خان : جناب والا ! اپوزیشن والے جو سابقہ حکومت کو بدنام کرنے میں پیش پیش تھے ، جسے وہ کمزور حکومت جانتے ہوئے بدنام کر رہے تھے ، آج وہ اس کی سرپرستی میں سامنے آئے ہوئے ہیں ، مجھے بڑی خوشی ہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ جناب والا ! اگر حقائق پر نظر ڈالی جائے تو آٹھویں امنڈمنٹ میں جو غلطی ہم سے ہوئی ، جسے اب ہم غلطی کہہ رہے ہیں ، سوچنے سمجھنے کے بعد جو بات ہم نے اجاگر کی ، اس پر عمل کیا اور پھر اختیارات دیئے ۔ اس پر آج پشیمان نظر آتے ہیں ۔ جہاں تک پہلی مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کا تعلق ہے جب یہ ہوئی ، اس میں یہ واضح طور پر کہا گیا کہ جمہوری طریقے پر یہ بات غلط ہے ، لیکن آئینی اختیار صدر مملکت کو حاصل ہے کہ وہ آئینی اختیارات استعمال کرتے ہوئے ، یہ ایکشن لے سکتے تھے ۔ اس کے بعد یہ فیصلہ بھی وہاں ہوا کہ جو شخص بھی اس نگران حکومت میں شامل ہونا چاہتا ہے وہ ہو سکتا ہے ۔

جناب محمد طارق چوہدری : پوائنٹ آف آرڈر ۔

جناب چیئرمین : جی فرمائیے ۔

جناب محمد طارق چوہدری : جناب ! میرے فاضل دوست نے لفظ "پشیمانی" کا استعمال کیا ہے ، کیا یہ تہہ دل سے واقعتاً پشیمان ہیں ۔۔؟

جناب چیئرمین : میرے خیال میں یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

جناب شاد محمد خان : جناب والا ! اس کے بعد اس بات کی بھی اجازت دی گئی کہ اپنی صوابدید پر جو شخص اس نگران حکومت میں شامل ہو سکتا ہے ، اسے اجازت ہے ۔ لیکن وہ بحیثیت مسلم لیگی کے شامل نہیں ہو سکتا یہ فیصلہ بھی وہاں کیا گیا کہ اب اس وطن کو بچانے کی فکر ہونی چاہیئے ۔ اس

بات کو Controversial بنانے میں کوئی فائدہ نہیں ہے۔ کوئی افہام وتفہیم کی راہ نکالنی چاہیئے تاکہ یہ پاکستان کی خالق جماعت ٹکڑے ٹکڑے ہونے سے بچ جائے اور ہم ایک ایسی ڈگر پر چلیں جس سے ہمارا مطلب بھی پورا ہو اور یہ ملک بھی انتشار سے بچ جائے، تباہی اور بربادی سے دوچار نہ ہو لہٰذا میں اکابرین سے یہ درخواست کروں گا کہ زوردار تقاریر کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ کوئی ایسی راہ نکالیں جس سے کہ افہام وتفہیم سے یہ وطن بچ جائے، انتشار پیدا نہ ہو اور الیکشن بروقت ہو جائیں۔ اس میں ہم سب کی بھلائی ہوگی، ہمیں اب سر جوڑ کر بیٹھنا چاہیئے۔ اعتراضات اٹھا کر اخبارات کی زینت بننے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ لہٰذا ہم نے آٹھویں ترمیم میں جو اختیار صدر کو دیا ہے اس کے مطابق الیکشن ہوا ہے، اس کی تائید بھی ہم کرتے ہیں اور اس کی تردید بھی ہم کرتے ہیں لہٰذا جناب والا! سر جوڑ کر ہمیں اس اس وطن کی فکر کرنی چاہیئے۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: آپ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ یہ تین تحاریک استحقاق آپ کے خیال میں ایڈمسیبل ہیں یا ایڈمسیبل نہیں ہیں۔

جناب شاد محمد خان: ایڈمسیبل ہونا، یا نہ ہونا، دوسری بات ہے، اس کے بارے میں آپ ہی رولنگ دیں گے۔ یہ آپ سوچیں۔

Mr. Chairman : Who else would like to speak ?

نواب زادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: جناب والا! میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔

Mr. Chairman : Yes please.

(Pause)

Mr. Chairman : Just one minute. Half an hour usually we devote to consideration of adjournment motions. If you want to take up the adjournment motions today then, of course, this would be the time to stop. We take up adjournment motions and then leave the rest of the time for the discussion of the motion that we had admitted.

نواب زادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : ٹھیک ہے، اسے پرسوں پر رکھتے ہیں۔

جناب وسیم سجاد : میرے خیال میں جناب اگر اس کو آج ختم کر لیا جائے .....

Mr. Chairman : I do not know how many people are going to speak.

جناب وسیم سجاد : جناب والا! ابھی نام لے لیں so that we know..

جناب چیئرمین : (اس موقع پر جناب اخونزادہ بہرور سعید اور خواجہ محمود احمد منٹو کھڑے ہوئے) آپ بولیں گے .....

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : ٹائم دے دیجیئے کوئی حرج نہیں۔

جناب وسیم سجاد : جناب چیئرمین! صرف دو صاحبان بولنا چاہتے ہے۔

نواب زادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : دو نہیں، ساری مسلم لیگ بیٹھی ہوئی ہے۔

ایک معزز رکن : میں بھی بولنا چاہتا ہوں۔

جناب وسیم سجاد : جناب تین ہو گئے ہیں۔

Mr. Javed Jabbar : Sir, movers have a right to reply also.

Mr. Chairman : Movers have a right to reply. I think I will have to request you (Justice Minister) to wind up the debate. I had, in fact, yesterday asked the Attorney-General also because so many constitutional issues have been raised.

Prof. Khurshid Ahmed : The Attorney-General is not here.

Mr. Chairman : He told me that he would be in Karachi but if the debate is not going to finish today then he would make himself available on Thursday.

Yes Nawabzada Jahangir Shah Jogezai.

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : آعوذ باللہ من الشیطن الرّجیم ہ بسم اللہ الرّحمن الرّحیم ہ شکریہ ! جناب چیئرمین صاحب ، سوال صرف ممبروں کے استحقاق کا نہیں ہے بلکہ یہ استحقاق اس قوم کا ہے اور اس ملک کا ہے ۔ کیا ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ اس ملک کو توڑنا ہے یا اس ملک کو جوڑنا ہے ۔ اس کو مضبوط کرنا ہے ۔ اس کو متحد کرنا ہے ، آپ چالیس سالہ تاریخ پر ذرا نظر ڈالیئے ـــــ پاکستان بنا ۔ اس میں ایسٹ پاکستان ہم سے ہزار میل دور تھا لیکن ہمارے دلوں کے درمیاں فاصلے نہیں تھے اس لیئے ہم اس فاصلے کو فاصلے نہیں سمجھتے تھے ۔ سلہٹ میں ووٹ پڑنے ہیں ، ریفرنڈم ہوتا ہے ، جس کے نتیجے میں وہ پاکستان کے ساتھ ، ہزار میل دور ہونے کے باوجود ناتا جوڑتے ہیں لیکن پھر وہ وقت آتا ہے جب یہ حصہ ہم سے دور ہو جاتا ہے ، اپنے دشمن سے ہی مدد مانگتا ہے ، ہندوستان سامنے آتا ہے ۔ ہمارے ایک لاکھ آدمی قیدی بنتے ہیں ۔ اس پر ہمارے ملک میں چپکے چپکے آنسو تو بہائے گئے مگر کھل کر اظہار نہیں کیا ۔ جس نظام کے تحت ہم نے پاکستان بنایا ، جس طرح تنکا تنکا اکٹھا کر کے پاکستان بنایا ۔ اسے منتشر کر دیا گیا ۔ آج وہ شخص جس نے اسے منتشر کیا ہے وہ کٹہرے میں آجائے ، پبلک کٹہرے میں کھڑا ہو جائے ، ہمیں ثبوت دے ، اور وجہ بیان کرے کہ اس نے اس طرح کی کیوں غلطیاں کی تھیں جس کے تحت ملک کے ٹکڑے ہو گئے ۔ شاید ہم اس بات کے عادی ہو چکے ہیں کہ ملک ٹکڑے ہو جائے لیکن کرسی نہ جائے اور ہمارے درمیان میں ایک ایسا طبقہ پیدا ہو چکا ہے جو ایسا ہے کہ جب کوئی جنج جاتی ہے وہ ہر جنج کے ساتھ ڈھول

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

بجاتا ہے، جب وہ جنگ ختم ہو جاتی ہے تو پھر کسی اور جنگ کی ورک لگاتا ہے اور اسی طرح سے اپنا وقت گزارتا ہے۔ ملک کو متحد کرنے کا ایک واحد ذریعہ سیاسی پارٹی ہوتی ہے اور سیاسی پارٹی کی ذمہ داری یہ ہوتی ہے کہ وہ لوگوں میں شعور پیدا کرے اور اس میں ایسا کردار اور اس قسم کی جرائت اور ہمت پیدا کرے کہ وہ گولی کا سامنا بھی کر سکے۔ لیکن اپنی قوم کی بدنامی اور سرنگوں کو کبھی قبول نہ کرے لیکن ہم اس کے عادی ہو چکے ہیں۔ ہم پر آج اگر ہندوستان چڑھائی کر کے آجائے تو ہم ہار اٹھا کر اس کے استقبال کو جائیں گے اگر کوئی کیمونسٹ ملک آجائے تو اس کے لئے بھی میں کہتا ہوں کہ ہمیں ایسا نہیں کرنا چاہیئے ہمیں تجزیہ کرنا چاہیئے، تاریخ کو دیکھنا چاہیئے اور ایک ایک آدمی کا محاسبہ کرنا چاہیئے کہ اس نے اس ملک کے ساتھ کیا سلوک کیا ہے اور اس جرم کی پاداش میں ہم اس کو کیا سزا دے سکتے ہیں۔ لیکن ہم بجائے اس کو سزا دینے کے سینے سے لگا رہے ہیں اس کی تعریف کرتے ہیں۔ ہم کو کیا ہو گیا، ہماری غیرت کہاں گئی؟ ہماری محبت وطن کہاں چلی گئی؟ ان کو ہمارے دلوں سے نکالنے کا کون ذمہ دار ہے، کوئی رسم و رواج بھی نہیں رہا نہ آخرت کا نہ دنیا کا، یہ کیا ہوا، میں نے اس ایوان میں یہ کہا تھا کہ صدر صاحب کی باقی باتوں کو چھوڑو۔ لیکن اس کی چند باتیں ایسی ہیں جن کی میں قدر کرتا ہوں مگر ملک کی قیمت پر نہیں۔ میں ملک اور اسلام کے لئے خدا کی قسم اول گولی کھانے کو تیار ہوں، کوئی ساتھ دے یا نہ دے۔ یہ بھی سب گواہ ہیں جب مسلم لیگ کا پہلا اجلاس کوئٹہ میں ہوا۔ میں نے جونیجو صاحب کو کہا کہ اصولاً ہم آزاد آئے ہیں، ہم کو آزاد رہنا چاہیئے۔ آپ اسلامی نظام کو قائم کریں، آپ کا حکم تمام لوگوں کے اوپر واجب

ہوگا۔ یہ سید عباس شاہ گواہ ہے۔ آپ اسلامی نظام نہیں لا رہے۔ میں نے اس کاغذ پر لکھ دیا ہے کہ میں آپ کے ساتھ سیاسی طور ہوں لیکن اگر کوئی چیز شریعت کے خلاف ہوئی تو آپ کے ساتھ نہیں ہوں گا۔ ہم کبھی ایسے حالات پیدا نہیں کرنا چاہتے کہ بہانہ بنا کر یہاں پھر مارشل لاء لگا دیا جائے پھر کوئی arbitrary action ہو۔

ہمارا استحقاق کیسے مجروح نہیں ہوا۔ قوم کا استحقاق کیسے مجروح نہیں ہوا۔؟ ہماری ایک ٹانگ اور ہاتھ کاٹ کر کہتے ہو کہ تمہیں کچھ نہیں ہوا۔ یہ کیسے ممکن ہے، ہم کیسے آگے جا سکتے ہیں۔ اس سے زیادہ استحقاق اور کیا ہو سکتا ہے بلکہ یہ تو censure ہے۔ چلو ہم یہ کہتے ہیں کہ صدر صاحب بڑے ایماندار ہیں، اس نے بڑی خدمت کی ہے۔ میں اس خدمت کا جو 77ء کے حالات میں کی گئی ذکر نہیں کرتا۔ لیکن اب حالات ویسے نہیں تھے۔ پھر یہ کہا گیا کہ کسی نے آواز نہیں اٹھائی۔ میں نے خود وزیر اعظم سے کہا تھا کہ دیکھو آپ نے مجھ کو ٹکٹ دیا ہے اصولاً آپ کے حکم کے مطابق میں استعفیٰ دے سکتا ہوں لیکن چونکہ مسلم لیگ کی پالیسی پاکستان بننے سے آج تک ایک ہی ہے جس کا ذکر تاریخ میں ہے۔ یہ اس ماں کی طرح ہے کہ ایک بچے پر دو عورتیں لڑ رہی تھی کہ ایک کہہ رہی تھی کہ میرا بچہ ہے جبکہ دوسری کہہ رہی تھی کہ میرا ہے۔ کیس بادشاہ کے پاس چلا گیا۔ دونوں نے اپنے اپنے دلائل دیئے۔ آخر کار بادشاہ عقلمند تھا اس نے کہا کہ تم نہیں مانتی ہو تو میں بچے کے دو ٹکڑے کرتا ہوں۔ آدھا آدھا دونوں لے لو۔ جو حقیقی ماں تھی اس نے رو کر کہا کہ ٹکڑے نہ کرو اسی کو دے دو۔ تو اس پر بادشاہ نے سمجھ لیا کہ بس اصل ماں یہی ہے۔ اسی طرح ہماری بے شک پالیسی

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

یہی ہے اور ہم کبھی انتشار پیدا نہیں کرتے۔ اگر آپ گلی کوچوں میں نکل آنے کو طاقت کہتے ہیں تو یہ کوئی بات ہی نہیں ہے اور نہ اس سے کوئی فائدہ ہو سکتا ہے۔

یہ ہمارا ملک ہے جس کو ہم نے بنایا ہے۔ میں وہ شخص ہوں کہ سرکاری ملازمت میں ہوتے ہوئے اپنے والد کو عبدالصمد خان کے مقابلے میں لایا۔ میں وہ شخص ہوں کہ مجھے ہارڈ ٹریننگ کے لئے بلایا گیا لیکن میں نے علی الاعلان ریفرنڈم میں حصّہ لیا۔ میرے پاس وہ کاغذات ابھی تک موجود ہیں کہ جن پر میری explanation call ہوئی۔ اب میں کیوں خوشامد کروں، مجھے کس چیز کی ضرورت ہے۔ جب کہ میرے سامنے خدا اور اس کا رسول ہے، قوم ہے اور اس ملک کے قیام کی ہم نے اس لئے تائید کی کہ یہاں پر اسلامی قانون ہوگا، اسلامی نظام ہوگا اور یہ فلاحی مملکت ہو گی۔ یہاں پر شخصی حکومت نہیں ہو گی، اگر میرے والد کی بھی شخصی حکومت ہوتی تو میں اسے نہ مانتا۔ کل کا اخبار میں نے دیکھا تو کیبنٹ میں ایک منسٹر صاحب نے صدر کو کہا ہے کہ آپ مسلم لیگ کے صدر بن جائیں۔ کیا یہ مسلم لیگ بیوہ ہے کہ ہر ایک اسی سے نکاح کرتا پھرے۔ جو بھی آتا ہے، جو ملک کا صدر بنتا ہے وہ اس کا صدر بنے، یہ کیا معاملہ ہے؟ ہمارے بلوچستان میں ایک دستور ہے جہاں پانچ قبائل ہیں۔ جوگیزئی ہے، مری، بگٹی، کھیتران، بلوچ ہیں۔ باقی سردار ہیں۔ ہم جب دستار بندی کرتے ہیں تو دو یا تین سو سال پرانی ایک تلوار، ایک خنجر پیش کرتے ہیں اور چغہ پہناتے ہیں، پھر لوگ پٹکے پہناتے ہیں۔ اب مسلم لیگ بھی ایک وہ پٹکا بن گئی، جو بھی آئے اس کے سر پر باندھو۔ بابا اگر آپ مسلم لیگ کو مانتے ہیں

تو اس میں طاقت اور اختیار پیدا کرو ، اور اس کو اس قابل بناؤ کہ وہ لوگوں میں شعور پیدا کر سکے اور ان کا کردار مضبوط بنا سکے۔ مسلم لیگ کو صرف ناچنے کے لیئے نہ بناؤ۔ ہم نے اس وقت جو بھی کام کیا ہے وہ اس ملک کو توڑنے کے لیئے کیا ہے۔

بلوچستان میں ہم اور بلوچ ایک ملک میں رہتے تھے، ہمارا شاہی جرگہ تھا۔ ہمارے درمیان میں قانون کا رواج تھا۔ ہم ایک دوسرے کی عزت کرتے تھے، ان کو لڑوانے کے لیئے خان آف قلات نے جو فیصلہ کیا کہ ۵۰ فیصد بلوچ کے حقوق ہیں، ۴۰ فیصد پٹھان ، ۱۰ فیصد جو دوسرے ہیں چاہے نوکری ہو فنڈز یا وظیفہ ہو۔ واقعتاً انہوں نے ڈویژن بنانے شروع کیئے۔ مکران، سبّی وغیرہ ڈویژن بنائے گئے۔ اب تقسیم حقوق شروع ہوگئی۔ پٹھانوں کو چوتھا حصّہ مل گیا۔ ۴۰ فیصد کے بجائے اب پٹھانوں کو بلوچوں کے ساتھ لڑانے کی بات چل نکلی ہے، یہ regionalism آپ نے پیدا کرکے ظلم کیا ہے۔ تقسیم کے وقت میں نے خان قلات کے بھائی کو سرعام گالیاں دیں جس کی ساری دنیا گواہ ہے کہ آؤ پٹھان اور ہم ملکر کنفیڈریشن بنالیں۔ کیوں ہم کو اس کے لیئے مجبور کر رہے ہو۔ ہم ہندوستان میں نہیں جائیں گے۔ بہرحال میری جو نظر ہے ان طاقتوں پر ہے جو اس ملک میں انتشار لانا چاہتی ہیں وہ تین چار تنظیمیں ہیں، K.G.B. ہے ، C.I.A. ہے RAW ہے اور ہیں اور اب ان کا طریقۂ واردات کیا ہے ؟ ۱۹۵۷ء میں بلکانن جب کابل میں چار یا پانچ دن رہے ہیں، آپ لوگوں کو علم ہے فیصلہ یہ ہوا تھا کہ دریائے سندھ سے اس طرف انڈیا ، اِس طرف افغانستان اب حالات کو خراب کرنے کے لیئے یہ کہا کہ پاکستان میں مختلف قومیتوں کو جنم دیا جائے۔ اس طرح سے لوگوں میں انتشار پیدا کیا

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

جائے۔ پھر کمیونسٹ طریقے کی واردات فزیکل پالیسی پر اس طرح اثر انداز ہوتی ہے کہ نیشنلائیزیشن کی جائے اور اتنے ٹیکسز لگا دو کہ جس سے لوگوں میں گرانی بڑھ جائے اور لوگ غیر مطمئن ہو جائیں۔ وہ یہ کوشش کرتے ہیں۔ اسرائیل کے ساتھ پاکستان میں نئے پیغمبر کا جو گروہ ہے اس کی ایک زبردست لابی ہے۔ وہ یہ کوشش کرتے ہیں کہ اس ملک میں اسلام نہ آئے۔ وہ اسلام کے نام پر ایسے لوگوں کو ہاتھ میں لیتا ہے۔ وہ یہ کہتا ہے کہ اسلام کی فلاحی مملکت اسی طرح ہے جیسے جرمنی میں ہے، سکنڈے نیویا میں ہے۔ کے، جی، بی کا یہ خیال ہوتا ہے کہ یہاں پٹھان، بلوچ، پنجابی وغیرہ ہوں اور امریکہ جیسے بڑے ملکوں کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ جتنے قرضے دیئے ہیں یہ بڑھ جائیں۔ مجھے یاد ہے ۱۹۴۹ء میں، میں اے، پی، اے تھا۔ نواب زادہ لیاقت علی خان نے گلگت کی ایک بڑی گراؤنڈ میں تقریر کی۔ تقریر کے آخر میں انہوں نے کہا There can be no devaluation. میرے ساتھ ایک غیر ملکی بیٹھا ہوا تھا وہ ایک دم کہتا ہے۔ How it is possible ہمارے ہاں چار پانچ چیزیں ہیں۔ سن ہے، چائے ہے، کاٹن ہے، اون اور کھالیں ہیں۔ ان میں competition نہیں ہے تو devaluation کس بات کے لیے ہو۔

کسی نے آج تک یہ نہیں پوچھا کہ کشمیر کی جنگ کیوں کرائی گئی۔ ۶۵ء تک ہم آگے جا رہے تھے۔ لیکن ایک دم بریک لگ گئی۔ بھٹو کی حکومت آئی تو اس نے نیشنلائیزیشن کر دی۔ بتائیے اس نیشنلائیزیشن سے ہمیں کیا فائدہ ہوا۔ پھر مارشل لاء آگیا۔ اس لیے کہ وہ بھٹو کو لے جانے میں خوش تھے لیکن مارشل لاء نے بھی کچھ نہیں کیا۔ ایک کارخانے پر آپ کروڑہا روپیہ ادا کرتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ کوئی ملک بغیر کسی انڈسٹری اور ٹیکنالوجی

کے طاقت نہیں پکڑ سکتا۔ آپ کے رولز یہ ہیں کہ کوئی کارخانہ نہ لگنے دیں۔ وہ کارخانہ یا تو رشوت سے چلتا ہے یا سفارش سے چلتا ہے۔ اس لیے آپ نے اپنے آپ کو ترقی نہ دینے کی قسم کھائی ہوئی ہے۔ ۱۹۴۲ء میں ہم نے Special Training کی تھی جس وقت سٹالن گراڈ پر حملہ ہوا تھا۔ ہمیں پتہ ہے کہ espionage کہاں سے اور کیسے کرتے ہیں۔ کس طرح وہ نفوذ کرتے ہیں اور ایڈمنسٹریشن میں کیسے نفوذ کرتے ہیں، ایجوکیشن میں کیسے نفوذ کرتے ہیں اور مالیات میں کیسے نفوذ کرتے ہیں۔ یہ تمام چیزیں ہمیں اس کے ایکشن سے معلوم ہوتی ہیں، وہ پاؤں اٹھاتا ہے تو ہمیں پتہ لگ جاتا ہے۔

جناب عالی! باتیں لمبی ہیں۔ تاریخ ہمارے سامنے ہے۔ غلطیاں ہمارے سامنے ہیں۔ ہم کو چاہیئے کہ ہم اپنی تاریخ کا جائزہ لیں۔ تجزیہ کریں، لوگوں کو بتائیں، لوگوں کو سمجھائیں کہ کارخانے کیوں لئے گئے تھے اور ان کے ساتھ کیا گیا ہے، ہم خاموش ہیں۔ دوسرا آدمی کہتا ہے کہ جی یہ مزدور ہیں۔ مزدوروں کو خوش کرنے کے اور بھی طریقے ہو سکتے ہیں جس سے مزدور بھی خوش ہو سکتا ہے اور پروڈکشن بھی ہو سکتی ہے۔ اس پر غور کریں۔ اب بیوروکریٹک ذہن کو دیکھیں۔ ہر چیز کا ایک مزاج ہوتا ہے ایک inclination ہوتی ہے۔ آپ کبھی تصور کر سکتے ہیں کہ ایک جنرل ایک اچھا سیاستدان بن سکتا ہے۔ دنیا میں ایسا کہاں ہوا ہے؟ ایک ایسا سیاستدان جو گلی، گاؤں اور شہروں میں نامانوس ہو یہاں سے صرف وہ ٹی وی پر آکر کیسے لیڈر بن سکتا ہے۔ وہ لوگوں کو کیا سوچ دے سکتا ہے۔ سوچ تو اس وقت بنتی ہے جب وہ بچپن سے کام شروع کرے۔

<u>جناب چیئرمین</u> : نواب زادہ صاحب ان کی طرف آئیں جو تحریک ہے۔

نواب زادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: میں اسی طرف آرہا ہوں۔ میں کہتا ہوں ان سب باتوں کے باوجود بھی استحقاق اس کو کہتے ہیں کہ ہمارے ملک کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ جو پارلیمنٹ بنی تھی اسے چلنا تھا۔ جیسا کہ ہمارے لوگوں نے کہا ہے کہ صدر صاحب یہ کام کر سکتے ہیں۔ مجھے خود پریشانی ہے، آپ کو بھی خود پتہ ہے۔ اب انہوں نے اپنے اختیارات استعمال کئے ہیں۔ چلو کر لیئے۔ اب دوسرا مرحلہ یہ ہے کہ وہ الیکشن کرا دیں۔ الیکشن میں ہم عوام کے سامنے جائیں گے۔ اگر ہمارا قصور ہوا تو وہ ہمیں ووٹ نہیں دیں گے، صدر صاحب نے جو کچھ کیا ہے، ٹھیک کیا ہے اب ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ کم از کم الیکشن کے بارے میں جو غلط فہمیاں لوگوں میں پیدا ہو رہی ہیں ان کو تو دور کیا جائے۔ اس کے علاوہ عام طور پر لوگ یہ کہتے ہیں کہ صدر صاحب نے اپنے آپ کو جاری رکھنے کے لیئے یہ فیصلہ کیا ہے۔ بری بات ہے۔ بہت بری بات ہے کہ لوگوں کے ذہن میں یہ بات آجائے۔ میرا خود اپنا ذہن کہتا تھا کہ جنرل صاحب کو اگر پانچ سال اور دے دیں۔ بلکہ میں یہ عرض کروں گا کہ جنرل صاحب ہوں گے تو مزید مارشل لاء نہیں آئے گا۔ جنرل صاحب کو یقین دلاتے کہ انہیں دس سال اور رکھا جائے گا۔ اس طرح مارشل لاء تو نہیں آئے گا۔ آپ رہیں۔ ہمارے سر آنکھوں پر بیٹھیں لیکن جمہوریت کی گاڑی تو چلنے دیں۔ اس لیئے جنہوں نے یہ تحریک پیش کی ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ حق پر ہیں۔ میں ان کی تائید کرتا ہوں ساتھ ہی میں یہ کہتا ہوں کہ قوم کی مجموعی حالت دیکھ کر ہمیں ایسا کام نہیں کرنا چاہیئے۔ میں نے صدر صاحب کو خود کہا تھا کہ کبھی انسان اپنے کام کے لیے آتا ہے، کبھی سیاست کے لیئے آتا ہے، یہ حکومت کی بات ہے۔ لیکن ہم تو ملک کے لیئے آئے ہیں ہمیں

کوئی بدنامی نہیں لینی چاہیئے ۔ دوسرے صدر صاحب اپنا وعدہ پورا کریں ۔ الیکشن کرادیں ۔ جو بھی آتا ہے آجائے ۔ پیپلز پارٹی آتی ہے ۔ آجائے ۔ جس نے اچھا کام کیا ہے وہ آجائے ۔ اس طرح ملک تقسیم سے بچ جائے گا ۔ ساری خرابیاں ٹھیک ہو جائیں گی ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ جونیجو صاحب ہی آئیں ۔ صدر صاحب کی میں عزت کرتا ہوں ۔ لیکن جو کارروائی ہوئی ہے وہ غلط ہوئی ہے ۔ میں اس کی تائید نہیں کرتا ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! جناب منٹو صاحب ۔

خواجہ محمود احمد منٹو : جناب چیئرمین صاحب ۔ اس ملک کی انتہائی درجے کی بدقسمتی ڈکٹیٹر شپ کا آجانا ہے یعنی جمہوریت کو چھوڑ کر آمریت کی طرف آجانا ہے ۔ جس دن سے یہ منحوس آمریت یہاں اس ملک میں آئی ہے اس ملک کا کوئی ٹھکانہ نہیں رہا ۔ یہی بات آپ کو گواہ کرکے میں کہتا ہوں کہ ان دنوں جب شوریٰ کی مجلس قائم ہوئی تھی میں نے اور ہمارے بہت سارے دوستوں نے یہ کہا تھا کہ آمریت جمہوریت کا کوئی بدل نہیں ہو سکتی ۔ لیکن اس بات کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی ۔ ہمارے بعض دوست اپنی اپنی پارٹیاں لیئے بیٹھے ہیں اور وہ چاہتے تھے کہ کسی طریقے سے مسلم لیگ کو بدنام کر دیا جائے ، مسلم لیگ کو اس ملک سے بے دخل کر دیا جائے ۔ باقی جو آتا ہے آجائے ۔ وہ جانتے تھے کہ وہ نہیں آسکتے ۔ جانتے تھے کہ وہ صاحب اقتدار نہیں ہو سکتے تھے لیکن وہ یہ ضرور چاہتے تھے کہ مسلم لیگ کو کھرچ کھرچ کر لوگوں کے دل سے نکال دیا جائے ۔ اب ہم نے قائداعظم سے ایک بات سیکھی ہے ۔ ہم نے ایک بات اسلام سے سیکھی ہے ۔ میں اپنے خیال کے مطابق کہہ رہا ہوں یہ جو ہمارے علماء حضرات ہیں ، جو چاہیں اس کے متعلق کہیں ۔ لیکن اسلام کا طرز حکومت جمہوریت

[Khawaja Mehmood Ahmed Minto]

ہے اور کوئی طرز حکومت اسلام میں نہیں ہے اور یہی بات قائداعظم نے کہی تھی۔ ہم نے اس ملک میں قائداعظم کو اپنا لیڈر تسلیم کیا ہے، ہم اس کو بانی پاکستان کہتے ہیں اور مرتے دم تک یہی کہتے رہیں گے اور جو شخص ان کے کہنے کے مطابق بانی پاکستان کے کہنے کے خلاف جاتا ہے۔ نہ ہم اس کو مسلم لیگی سمجھ سکتے ہیں نہ ہم اس کو پاکستانی سمجھتے ہیں۔

۱۹۵۴ء یا ۱۹۵۶ء سے اس ملک کی بدقسمتی شروع ہو گئی جب پہلی دفعہ اس ملک میں جمہوریت کو ختم کیا گیا اور آمریت لائی گئی، اب بات یہ ہے کہ جمہوریت کے خلاف کچھ کہنا یا کوئی کارروائی کرنا غلط ہے جبکہ آپ چاہتے کہ جمہوریت کا نام بھی لیں۔ ہمارے موجودہ صدر محترم اب آمریت کی طرف نہیں جاتے، اپنے آپ کو آمر نہیں سمجھتے۔ وہ یہ کبھی نہیں کہتے، دعویٰ کرتے کہ میں آمر نہیں ہوں practical man ہوں، اور کہتے ہیں کہ میں جمہوریت کا فروغ چاہتا ہوں۔ ہم پوچھتے ہیں کہ جس جمہوریت کا فروغ اس ملک میں چاہتے ہو اس جمہوریت کی تعریف تو کرو اور اگر آپ یہ کہیں کہ یہ تمام ادارے یعنی نیشنل اسمبلی اور یہ تمام جو نیچے کی اسمبلیاں ہیں یہ سب کے سب کرپٹ ہیں اور بدمعاش ہیں اور انہوں نے بہت بہت خرابیاں پیدا کی ہیں اور ناقابل بیان حد تک خرابیاں پیدا کر دی ہیں تو آپ کیا کہہ رہے ہیں یہی کہ جمہوریت فیل ہو گئی، دوسرے الفاظ میں یہ کہہ رہے ہیں آپ کہ جمہوریت اس ملک میں ناکام ہو گئی ہے، اور جمہوریت آپ لانا چاہتے ہیں یا تو واشگاف الفاظ میں جناب صدر اور ان کے جو مشیر کار ہیں ان کے دوست ہیں، ان کے وزراء ہیں، ان کے نامزد کیے ہوئے لوگ ہیں، یہ کہیں کہ جمہوریت اس ملک میں فیل ہو گئی ہے، جمہوری اقدار چھوڑ دو، اب ایک اور طرز حکومت

ہم چاہتے ہیں، وہ لائیں ، اگر لوگ اس کو قبول کرتے ہیں تو کریں، اگر اس کو لوگ قبول نہیں کرتے ہیں تو ڈنڈے کے زور سے قبول کروالو لیکن واشگاف الفاظ میں اس کا اظہار ہو جانا چاہیئے ، آج تک جو ہم سمجھے ہیں وہ یہ کہ اس ملک میں صدر محترم ...... میں ان کی نیت پر بالکل شک نہیں کرتا ہوں، میں سمجھتا ہوں وہ اس معاملے میں دیانتدار ہیں اور اس معاملے میں انہوں نے کئی اچھی باتیں کی ہیں اور انہوں نے یہ کہا ہے کہ جمہوریت ٹھیک ہے۔ اگر واقعی انہوں نے یہ کہا ہے اور جیسا کہ میں یقین رکھتا ہوں کہ انہوں نے صحیح کہا ہے تو اس جمہوریت کو لانے کی کوشش کریں، یہ نہ کریں کہ جمہوریت کے ماننے والوں اور جمہوری طریقے سے آکر اسمبلیوں میں بیٹھنے والوں کے منہ پر سیاہی مل دی جائے اور تمام دنیا کو بتا دیا جائے کہ اس پاکستان کے اندر جمہوریت نہیں چلی اور نہ چل سکتی ہے اور یہ سب لوگ بے ایمان ہیں اور اگر یہ سب لوگ بے ایمان ہیں تو ہم کہاں لکیر کھینچیں گے اور جو لوگ بے ایمان ہیں یہ موجودہ وزراء حضرات مجھے معاف فرمائیں، یہ انہی لوگوں میں سے ہیں اور ان کے متعلق ابھی تک یہ نہیں کہا گیا کہ یہ بڑے دیانتدار ہیں، انہوں نے کوئی گڑبڑ نہیں کی اور اگر آج یہ سینٹ بیٹھی ہوئی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ محض اس لیئے ہے کہ کسی صاحب نے بڑا اچھا مشورہ صدر محترم کو دیا کہ بجائے اس کے کہ outright مارشل لاء لگا دیا جائے ، آپ یہ کہیں کہ ہم اس آئین کے تحت کام کر رہے ہیں اور اگر آپ آئین کے تحت کام کر رہے ہیں تو آپ مارشل لاء نہیں لائیں گے اور جب تک مارشل لاء نہیں لگائیں گے سینیٹ dissolve نہیں ہوسکتی اور یہ بات مشورے کے طور پر ان کو نہ بتائی جاتی تو شاید آج سینٹ بھی نہ ہوتی، سینٹ بھی اسی طریقے سے ختم ہوگئی ہوتی

[Khawaja Mehmood Ahmed Minto]

جس طریقے سے دوسری اسمبلیاں ختم ہوئی ہیں یہ ایک ایسی بات ہے کہ ان کی سمجھ میں آئی کہ نہیں آئین کو چلانا چاہیئے اور بڑی مبارک بات ہے کہ انہوں نے سمجھا کہ آئین کو alive رکھیں ، ہم کہتے کہ اللہ کرے کہ ایسے اچھے مشورے ان کو اور ملیں اور عقل سلیم ان کو اور ملے کہ آئین کو بحال رکھنا ہے۔ آئین کو بحال رکھنے کے لیئے انہوں نے نیم دلی سے کام لیا ہے ، یہ جو اسمبلیاں برخاست کی ہیں جو منسٹرز برخاست کیئے ہیں وہ آئین کے ماتحت کیئے ہیں ، جمہوریت کا جو آئین میں نچوڑ ہے اس کو ملیا میٹ کرنے کی کوشش کی ہے اور اگر یہ کی ہے تو ظاہر ہے کہ یہ معاملہ ایک پریویلج کا ہے ، پریویلج میرا نہیں ہے ، پریویلج جناب چیئرمین ! آپ کا نہیں یہ پریویلج پوری قوم کا ہے اور پوری سینیٹ کا ہے ، یہ پریویلج کا سوال ہے لیکن اب سوچنا یہ ہے کہ وہ بھی کہتے ہیں کہ ہم جمہوریت چاہتے ہیں ۔ Let us put the gentleman and his Musheers on trial. میں آپ کو اپنے خیال کے مطابق کہہ رہا ہوں کہ پریویلج موشن ہم یہاں سے پاس کر دیتے ہیں ، کہتے ہیں کہ ہو گیا پریویلج کا برتیج ، یہ بہت غلط ایکشن کیا ہے لیکن

What is the sum total of that? How are you going to change this Government, this form of Government that is being imposed on us ? Will it not continue? Are we not pushing him to adopt the extreme measure of bringing the Martial Law ?

اب ہم یہ کہیں کہ اسی چیز کا جس کے ماتحت جناب صدر صاحب نے یہ کام کیا ہے اس کی پہلی شرط ، جیسا کہ جو قانونی پوزیشن ہے میرے دوست جاوید جبار نے اور میرے دوست حسن شیخ صاحب نے نہایت واضح طور پر بیان کی ہے اور جو سیاسی طور پر باتیں کرنی تھیں وہ پروفیسر خورشید احمد صاحب نے لی ہیں ، میں ان کو دہرا کر وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا کہ سارا معاملہ دوبارہ پھر آپ کو ریفر کروں کہ آئین میں کیا لکھا ہوا ہے جسے

آپ خود بھی فرما چکے ہیں کہ Point has been made quite clear. ان کے ہوتے ہوئے میں یہ کہتا ہوں کہ آئیے اس پاکستان کے بنانے والے نے جس نے پاکستان کے لئے اپنی جان دے دی وہ شخص جانتا تھا کہ میرے پھیپھڑوں میں دیمک لگی ہوئی ہے اور لحظہ بہ لحظہ ، قدم بہ قدم، ایک ایک سیکنڈ میں مر رہا ہوں اپنی جان کی قربانی دے کر بھی یہ ملک ہم کو دلوایا ، اور اس نے کہا تھا کہ یہ جو ملک ہے یہ جمہوریت کے بل بوتے پر چلے گا اور اس میں حکومت جمہوری ہونی چاہیئے ، آج آپ یہ کیوں خیال کرتے ہیں کہ خدانخواستہ صدر صاحب نے یہ بات بددیانتی سے کہی ہے کہ جمہوری طرز حکومت ہونی چاہیئے، میں کہتا ہوں کہ نہیں انہوں نے بالکل ٹھیک کہا ہے اور وہ اس معاملے میں دیانتدار ہیں لیکن ہم اس دیانتداری کا اس عزم کا ذرا عملی مظاہرہ بھی دیکھنا چاہتے ہیں اور عملی مظاہرہ اس کا یہ ہے آئین کی جس دفعہ کے تحت انہوں نے یہ کیا ہے اس میں واضح ہے کہ ایسا عمل کرنے سے ...... اب ان وزیر صاحبان کی کیا حیثیت ہوگی کیا یہ کیبنٹ ہیں، کیبنٹ نہیں ہیں کیا کوئی وزیر اعظم ہے ، کوئی وزیر اعظم نہیں ہے ، اس سے ہمیں کوئی فائدہ نہیں پہنچتا ہم تو چاہتے ہیں کہ جلد از جلد جتنا ممکن ہو سکے جیسے آئین میں لکھا ہوا ہے نیا الیکشن کر دیا جائے۔ آج ہم کو سب سے زیادہ زور اسی بات پر دینا چاہیئے ہم جانتے ہیں کہ صدر صاحب نے بہت ہی دیانتداری سے بہت ہی حوصلے سے اور صحیح سمجھ کر اس بات کو کہا ہے کہ نیا الیکشن ہو جانا چاہیئے ۔ اب نئے الیکشن میں آپ ایسے لوگوں کو لانے

[Khawaja Mehmood Ahmed Minto]

کی کوشش کریں جو بجائے اس کے کہ ایک دوسرے کے ساتھ تنازعہ برپا رکھیں، صحیح جمہوری طرز فکر رکھتے ہوں، اگر ان لوگوں کو آپ لاتے ہیں تو جمہوریت کا بول بالا اس ملک میں ہو جائے گا، آمریت کو کاٹ دے گا۔

شاید آج چند لوگ میری یہ بات پسند نہیں کریں گے اگر میں کہہ دیتا ہوں کہ ہمارے موجودہ صدر صاحب اگر آئینی صدر بننے کے امیدوار ہوتے اور میرا کوئی ووٹ ہوتا تو میں ان کے حق میں دیتا، آج بھی وہ اگر آئینی صدر بن جائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ۵ سال تو کیا ۱۰ سال کے لیئے بھی لوگ ان کو قبول کر لیں گے جو ان کے لئے بہت بہتر ہو گا۔ خیر میں تو ایک حقیر سا شخص ہوں میں ان کو یہ بات کیسے کہہ سکتا ہوں، بہرحال یہ ہم سمجھتے ہیں اور ہم میں سے جو میجارٹی کے لوگ میرے ہم خیال ہیں وہ بھی یہ سمجھتے ہیں کہ اگر ایسا ہو جائے تو اس سے بہتر بات نہیں ہو سکتی سو میں یہ بات کہوں گا کہ اس پریویلج موشن کو انتہا تک پہنچانے سے کچھ حاصل نہ ہو گا۔ آپ مجھے بتائیں کہ اس سے ہمیں آخر حاصل کیا ہوگا۔ ہم نے جو یہاں آواز اٹھائی ہے۔ جاوید جبار صاحب نے نہایت فاضلانہ طریقے پر پروفیسر خورشید صاحب اور باقی دوستوں نے وضاحت کی۔ کسی نے ڈر کر یا بد دیانتی سے کسی کے خلاف بات نہیں کی۔ خدا وہ وقت نہ لائے کہ ہم اپنے لیڈروں کے خلاف کوئی بری بات کہیں ہم ان کو اپنا لیڈر مانتے ہیں، اس وقت وہ ہمارے ملک کے صدر ہیں ہم ان کی نیت پر شک نہیں کرتے، ہم تو یہ کہتے ہیں کہ

حضور آپ نے یہ فعل کیا ہے، آپ نے یہ کام کیا ہے اب فوراً الیکشن کروا دیجئے تاکہ قوم فیصلہ کر دے کہ آیا آمریت کو رہنا ہے یا جمہوریت کو رہنا ہے۔

جناب چیئرمین : بہت بہت شکریہ۔ آپ بولنا چاہینگے، کچھ اندازہ ہے کتنا وقت لینگے۔

اخونزادہ بہرہ ورسعید : میں کوشش کروں گا کہ زیادہ وقت نہ لوں۔

Mr. Javed Jabbar : Mr. Chairman, sorry, what about your earlier reference to the discussion on the adjournment motion. Why do not you request him (Akhundzada Bahrawar Saeed) to speak at the next sitting. He will get adequate time by that way.

Mr. Chairman : Well, this is what I am asking him as to how much time he is going to take.

Mr. Javed Jabbar : But he is entitled to whatever time he wants.

Mr. Chairman : Because we still have fifteen minutes. Can you (Akhundzada Behrawar Saeed) finish in fifteen minutes.

Akhunzada Behrawar Saeed : No, Sir, I cannot finish in 15 minutes.

Mr. Chairman : Then, we will take up adjournment motions, and this discussion on the privilege motion would continue then on the next sitting day.

(*interruption*)

Mr. Chairman : Would you (Mr. Wasim Sajjad) like to lay down the Shariah Ordinance. This is one of the items on the agenda.

(*interruption*)

Mr. Ahmedmian Soomro : Point of order, Sir. I wanted to request you that there was a privilege motion of mine and for 14th July I have applied for leave, so that may be taken up after the 14th.

Mr. Chairman : We still have time. If you want to take this up now, I have no objection.

Mr. Ahmedmian Soomro : Sir, it will take only two minutes.

Mr. Chairman : Right. You just read it out.

PRIVILEGE MOTION; RE: REFUSAL TO SANCTION TELEPHONE CONNECTIONS AGAINST THE RECOMMENDATION OF THE MEMBERS OF THE PARLIAMENT

Mr. Ahmedmian Soomro : Sir, I ask for leave of the House to make a motion that :

"This House do adjourn to discuss a breach of privilege of the Members of the Senate occasioned by the issue of orders by the Telephone department of Pakistan not to give any telephone connections against the quota sanctioned for all parliamentarians, which order would apply to the Members of this Senate also. Although the Senate still very much exists and only, the National Assembly has been dissolved. This order has affected the prestige and credibility of the Members of Senate as they had granted telephone connections which have been annulled".

Sir, briefly, if you permit me, I would submit that the Government had fixed a quota and given the privilege to the Members of the Senate and MNAs to recommend two telephones per month anywhere in Pakistan on which the orders were issued by the Director-General to the respective General Managers and the parties concerned, and telephone connections were given on that. With the dissolution of the National Assembly on 29th May, 1988, some papers wrote that this quota has been cancelled and without any govenrnment directive at that time the Director-General (Telephones) issued orders wihholding and annulling all those orders which they had already issued for grant of telephone connections—even in the case of telephone connections granted from the quota for the month of January. Sir, this is a direct insult to the Members of the Senate. We make recommendation for telephone, the orders are issued, then the National Assembly is dissolved and the Senator's orders are also withheld. So, I would ask the Minister for Communications that he may very kindly protect the dignity and prestige of the Senate and not to have the orders in this manner dis-respected. The orders in question may be withdrawn and the quota of the Senate Members at least be restored. Because on the one hand they are advertising that they are going to give one lac new connections in this year and here are only two connections per Member which come to about 1800 to 2000 a year are being annulled and this is causing great disrespect to the Members. I would, therefore, request the honourable Minister for Communications to assure this House that he would withdraw these orders and restore the quota as it was and particularly those where orders have already been issued. Thank you, Sir.

Mr. Chairman : You have not touched on the technical aspect of the question and that is that it may be a concession, it may be something which was given and promised to the Senators but does it constitute a privilege ?

Mr. Ahmadmian Soomro : It is not being opposed, Sir. If it is opposed then I would speak on it.

(*interruptions*)

Mr. Javed Jabbar : If I may state my views on this. Mr. Chairman, in my humble view a benefit bestowed on a Member of parliament by virtue of being a Member of parliament—a benefit that has been publicly publicised becomes a privilege because the public perceives their representatives as possessing that privilege and even though we are not directly elected, we are hounded, asked,

persuaded and harrassed by so many innocent citizens who think that we are the only recourse to getting that telephone connection, and if at all Government chooses to review this facility they must first take us into confidence and get our consent before withdrawing what has become a privilege. So, Mr. Chairman, my humble view is that it is a privilege and it is not a concession.

Mr. Chairman : Your latter suggestion purely from the administrative point of view that the members of the parliament should have been consulted before withdrawing this facility, I agree to that, but still I will be hard put to concede that it is a privilege in the sense that we understand privileges in this House and on which there have been a number of rulings—a privilege bestowed or conferred by the Constitution or by law or which can be derived from any usage, practice in parliaments elsewhere—so it does not come within that definition.

Mr. Hasan A. Shaikh : Not elsewhere but in the parliament of this country.

Prof. Khurshid Ahmed : Mr. Chairman, may I make a submission.

Mr. Chairman : Yes Please.

پروفیسر خورشید احمد : آپ نے جس مسئلے کی طرف متوجہ کیا ہے میں سمجھتا ہوں بحیثیت چیئرمین ضروری تھا کہ آپ اس پر اس پہلو سے غور کرتے لیکن ایک دوسرا انداز بھی اس پر غور کرنے کا ہے کہ پریویلجز صرف قانون یا دستور یا precedents سے پیدا نہیں ہوتے ہیں بلکہ ایک پریویلج contractual بھی ہوتا ہے - اس ایوان کے ارکان سے متعلقہ وزیر نے ایک وعدہ کیا اور اس contractual arrangement کے تحت ایک چیز وجود میں آئی اب اس contractual arrangement کو جب تک کہ contractually ختم نہ کیا جائے وہ contractual privilege ہے اور جس انداز میں اسے ختم کیا گیا ہے وہ derogatory ہے - arbitrarily ماضی میں جو چیزیں ہو چکی ہیں اس کو بھی negate کر دیا گیا تو میں یہ عرض کروں گا کہ آپ اس context میں غور کریں کہ یہ گویا کہ ایک contractual privilege تھا چاہے آپ اس کو originally concession کہہ دیں لیکن جب وہ چیز agree ہو گئی حکومت اور تمام ایوان کے ارکان کے درمیان اس ہاؤس میں solemn pledge دیا گیا کہ یہ کیا

[Prof. Khurshid Ahmed]

جائے گا اور اس پر عمل بھی ہو رہا ہے اب اس کے بعد اس کو arbitrarily جس مخصوص انداز میں withdraw کیا گیا ہے یہ فی الحقیقت contractual privilege کا violation ہے۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین ! میں بھی یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ اگر حق نہیں بھی تھا، آپ نے ایک چیز کسی کو دے دی، سب لوگوں کے ذہن میں بھی یہی ہے، ہم نے ان کے نام سفارشات کے خط لکھ دیئے، ان کے نام خطوط بھی چلے گئے ہیں، آپ کا ٹیلی فون منظور ہو چکا ہے، محکموں کی طرف سے باقاعدہ ایک لیٹر ان کے پاس گیا ہے، اب اس حق کو بلا کسی جواز کے، بلا کسی دلیل کے یا کچھ بتائے بغیر واپس چھیننے سے لازماً سارے ارکان کا ایک استخفاف سا ہو رہا ہے آپ اس معاملے کو نظر انداز نہ فرمائیں اور اس تحریک استحقاق کو منظور فرمالیں۔

جناب چیئرمین : اس کا جواب تو مولانا جو وزیر متعلقہ ہیں وہ دے سکتے ہیں۔ میری گزارش صرف آپ سے اتنی ہے، اس ہاؤس میں ہم نے کچھ روایات قائم کرنے کی کوشش کی ہے، اگر یہ اسلامی مساوات ہے اگر یہ جمہوریت ہے اور اسلامی جمہوریت ہے اور اس میں ہر ایک برابر ہے ; یہ ہم نے کئی دفعہ کہا ہے۔ ممبر آف دی سینیٹ اور ممبر آف دی پارلیمنٹ کا ایک عام آدمی سے زیادہ کوئی حق نہیں بنتا اس وقت تک جب تک قانون اس کو وہ حق نہ دلائے تو ایسی کوئی چیز نہیں ہوئی ہم سب اسی ملک کے شہری ہیں اور اگر آج میں سینیٹر ہوں یا نیشنل اسمبلی کا ممبر ہوں یا پراونشل اسمبلی کا ممبر ہوں تو ایک عام آدمی کے مقابلے میں میرا حق زیادہ نہیں بنتا جب تک وہ حق مجھے قانون نہیں دیتا۔ میرے خیال میں ایک خصوصیت یہ بھی ہونی چاہیئے کہ ایک دوسرے کو سنا کریں اور ذرا صبر کریں۔ یہاں پر وزیر متعلقہ سے ٹیلی فون کے متعلق ہی کہا گیا تھا

آپ کا آئندہ طریقہ کار کیا ہو گا - اور جواب دیا گیا جس پر سب نے appreciate کیا کہ ایک chronological آرڈر میں ٹیلی فون کے کنکشن دیئے جائینگے - تو میں یہ grudge نہیں کرتا کہ آپ کو یا مجھے کوئی حق ملا ہے، ہم سب اس حق سے خوش ہیں لیکن میرے کہنے کا مطلب صرف یہ ہے کہ یہ privilege اس contractual sense میں نہیں ہو سکتا - ذاتی pride جو ہماری ہے وہ ضرور hurt ہوتی ہے لیکن یہی معاملہ جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے آرمڈ لائسنس کے سلسلے میں جناب سومرو صاحب نے اٹھایا تھا - اس وقت بھی میں نے یہی عرض کیا تھا کہ یہ concession ہے اور ایک طریقہ کار، کام کی آسانی کے لئے حکومت نے آپ صاحبان کو دیا ہے لیکن یہ پریویلج جس sense میں پارلیمنٹ کے پریویلجز ہوتے ہیں، اس میں تسلیم نہیں ہوتی - آپ ضرور قانون بنائیں، اور قانون میں یہ بھی لے آئیں کہ ہر ایک دو نہیں، بارہ ٹیلیفون کنکشنز سال میں یا دن میں دے سکتا ہے - پھر آپکا پریویلج بن جائے گا - لیکن ایک طریقہ کار اگر کسی نے اپنی سہولت کے لئے یا کسی کو خوش کرنے کے لیئے introduce کیا ہے تو میرے خیال میں یہ جمہوری روایات اور اسلامی مساوات کے خلاف ہو گا کہ ہم اپنے لئے دوسروں سے کوئی زیادہ حق مانگیں۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین! آپ نے فرمایا تھا کہ مجھے دوبارہ موقع ملے گا - میں اس لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جمہوری روایات کے خلاف اس لیئے نہیں کہ ساری دنیا میں منتخب ایوانوں کے جو نمائندگان ہوتے ہیں ان کی کچھ نہ کچھ مراعات ہوتی ہیں، ان کو کچھ اختیارات دئے جاتے ہیں - یہ بالکل عام شہریوں کے برابر نہیں ہوتے ہیں، ملک وقوم کے مفاد میں اور ان لوگوں کے جنہوں نے ان کو منتخب کیا، ان حلقوں کی وجہ سے

[Maulana Samiul Haq]

ان کو کچھ نہ کچھ حقوق حاصل ہوتے ہیں ۔ یہ حقوق ان کی اپنی ذات کے لئے نہیں ہیں ۔ آخر کچھ مجبوریاں ہوتی ہیں ۔ میرے خیال میں یہ جمہوری روایات نہیں ہیں کہ سب بالکل برابر ہوں ۔ یہاں تو عام شہری آسانی سے دوائی لے سکتا ہے ۔ میں جناب آپ کی توجہ ایک اور مسئلہ کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ یہاں ایک عام چپڑاسی پولی کلینک میں جاکر دوائی لے سکتا ہے ۔ لیکن جب ایک ممبر دوائی لینے کے لیئے ہسپتال میں جاتا ہے ، اور وہ تکلیف میں مبتلا ہوتا ہے تو اسے وہاں کہا جاتا ہے کہ آپ سول سرجن کے پاس جاکر ۔۔۔۔

جناب چیئرمین : اس کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں ۔

مولانا سمیع الحق : یہ بہت ضروری ہے ۔ یہاں تو سارے ممبران کو ڈاج کیا جا رہا ہے ۔

Mr. Chairman : We are now encroaching into the time fixed for adjournment motion.

مولانا سمیع الحق : اب سومرو صاحب یہاں بیمار ہیں اور وہ علاج کے لیئے کراچی جائینگے اپنے سول ، سرجن کے پاس ۔۔۔ ۔ حالانکہ ایک ڈاکٹر کی پرچی موجود ہے ۔

جناب چیئرمین : آپ تشریف رکھیں ۔

مولانا سمیع الحق : یہ ایک مستقل صورت بن گئی ہے ۔

جناب چیئرمین : اس پر آپ ایک علیحدہ موشن لے آئیں ۔ اس پر غور کر لیں گے ۔ جناب وزیر صاحب ،

Mr. Hasan A. Shaikh : May I have one minute or so not more than that ? Sir, the privilege is available although on the basis of usage and practice. Practice has been going on for a long time and this is not our privilege that we want telephones for ourselves. We recommend to people of our constituency and there are rules of priorities owing by them. They can include Senators in that priority.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : Sir. as this question was raised in the National Assembly and I had replied. First of all, let me say that this is no privilege conferred on the Members. It is a courtesy extended to them that their recommendations would be given due consideration and respect which is due to a Member of the National Assembly. Sir, we followed this procedure during the little period that when we were out of office. I think somebody from the Communications Ministry or other issued some orders under the pressure of objection raised whether it was Islamic or fair. That he had applied for a telephone connection for the last six years but he had not been given a telephone connection whereas his neighbour who was influential who had got friends, who had got important friends and his telephone had been installed within twenty four hours. Is this fair ? Do you call yourselves Islamic all the time? Thus, they decided as you have expressed that we are all equal before law and we should follow the same procedure that he who comes first should be served first and he who comes later should be served later. Sir, when I took office Mr. Ahmad Mian Soomro brought this point to my notice that they had recommended and some demand notices had also been issued and some of their recommendations were pending. So, in deference to his wishes and other honourable Members who have already recommended previous to that order, I immediately issued and order. He told me this yesterday and I issued this order on the same day. It has been reported to me that the recommendations previously made by Senators, M.N.As. concerning telephone connections are not being accepted by the T & T Department. It is in cases where demand notices have already been issued on the recommendations of the Senators or *Ex*-M.N.As. These must be honoured and telephone connections may be provided to their recommendees accordingly. This is immediate order issued on the 11th. Then, I gave this copy to the honourable Member and he suggested an amendment and that amendment is :

> "In cases where orders have been issued by the D.G.T.&.T., Islamabad to the respective General Managers to give Telephone connections on the recommendations of Senators and M.N.As. must be implemented and telephone connections be provided to the recommendees accordingly."

